عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

ماہنامہ لولاک ملتان

Email: khatmenubuwwat@ymail.com

مسلسل اشاعت کے 58 سال

مئی 2021ء | رمضان، شوال ۱۴۴۲ھ

شمارہ: ۵ جلد: ۲۵

سیدنا حسن رضی اللہ عنہ سے مروی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصافِ حمیدہ

فضائل سیدہ فاطمہ بنتِ النبی

...از مسلم شریف

ستائیسواں سالانہ

کل پاکستان ختم نبوت کورس چناب نگر کی رپورٹ

مجلس تحفظِ ختمِ نبوت دہلی کے تمام پروگرام آن لائن سسٹم سے جڑ گئے

مولانا محمد وسیم اسلم کے والد کا وصال

www.khatm-e-nubuwwat.com, www.lolaak.clickhere2.net, www.laulak.info

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

ماہنامہ لولاک ملتان

شمارہ: ۵ جلد: ۲۵

بیاد

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ
مجاہد ملت مولانا محمد علی جالندھریؒ
حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ
حضرت مولانا عبدالرحمن میانویؒ
شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہؒ
حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ
حضرت مولانا عبدالرحیم اشعرؒ
حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ
حضرت مولانا محمد شریف بہاولپوریؒ
مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ
مناظر اسلام مولانا لال حسین اخترؒ
خواجہ خواجگان حضرت مولانا خان محمد صاحبؒ
فاتح قادیان حضرت مولانا محمد حیاتؒ
حضرت مولانا محمد شریف جالندھریؒ
شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی احمد الرحمنؒ
پیر طریقت حضرت مولانا شاہ نفیس الحسینیؒ
حضرت مولانا مفتی محمد جمیل خانؒ
حضرت مولانا سعید احمد صاحب جلالپوریؒ
صاحبزادہ طارق محمودؒ

بانی: مجاہد ختم نبوت حضرت مولانا تاج محمود رحمۃ اللہ علیہ
زیر سرپرستی: حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب
زیر سرپرستی: حضرت مولانا حافظ محمد ناصر الدین خاکوانی صاحب
نگران اعلیٰ: حضرت مولانا عزیز الرحمن جالندھری
نگران: حضرت مولانا اللہ وسایا
چیف ایڈیٹر: حضرت مولانا عزیز احمد
حضرت مولانا مفتی محمد شہاب الدین پوپلزئی
ایڈیٹر: صاحبزادہ حافظ مبشر محمود
مرتب: مولانا عزیز الرحمن ثانی
کمپوزنگ: یوسف ہارون

مجلسِ منتظمہ

علامہ احمد میاں حمادی	مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی
حافظ محمد یوسف عثمانی	مولانا محمد اکرم طوفانی
مولانا مفتی حفیظ الرحمن	مولانا فقیر اللہ اختر
مولانا قاضی احسان احمد	مولانا محمد طیب فاروقی
مولانا غلام رسول دینپوری	مولانا غلام حسین
مولانا عبدالرشید غازی	مولانا محمد اسحاق ساقی
مولانا محمد حسین ناصر	مولانا غلام مصطفی
مولانا مفتی محمد راشد مدنی	چوہدری محمد اقبال
مولانا محمد قاسم رحمانی	مولانا عبدالرزاق

ناشر: عزیز احمد مطبع: تشکیل نو پرنٹرز ملتان
مقام اشاعت: جامع مسجد ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان

رابطہ: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ
حضوری باغ روڈ، ملتان فون: 061-4783486, 0333-8827001

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

کلمۃ الیسر

ستائیسویں سالانہ کل پاکستان ختم نبوت کورس چناب نگر کی رپورٹ	مولانا اللہ وسایا	03

مقالات ومضامین

سیدنا حسنؓ سے مروی آنحضرت ﷺ کے اوصاف حمیدہ	ادارہ	07
نعت رسول مقبول ﷺ	چوہدری غلام رسول، لاہور	08
رسول اللہ ﷺ سے محبت	مولانا عطاء الرحمن رحیمی	09
اہمیۃ محبۃ النبی ﷺ فی حیاۃ المسلم (قسط نمبر14)	الشیخ عبداللہ مسعود/مولانا غلام رسول	11
فضائل سیدہ فاطمہؓ بنت النبی ﷺ......از مسلم شریف	مولانا شاہد ندیم	13
انتخاب لاجواب	حافظ محمد انس	15
حضرت سیدنا سعدؓ بن ربیع	محمد وارث کامل	17

شخصیات

مولانا قاری احسان اللہ کا وصال	مولانا اللہ وسایا	19
مولانا احسان اللہ فاروقی کا وصال	// //	22
مولانا سید محبوب الرحمن شاہ کا وصال	// //	22
مولانا مفتی محمد عثمان کا وصال	// //	23
مولانا محمد وسیم اسلم کے والد کا وصال	// //	24

ردقادیانیت

تقریر پیر بخش سیکرٹری سالانہ جلسہ قادیان منعقدہ جون ۱۹۳۵ء	ادارہ	25
مجلس تحفظ ختم نبوت دہلی کے تمام پروگرام آن لائن سسٹم سے جڑ گئے	شہباز اختر قاسمی	33

متفرقات

تبصرہ کتب	مولانا اللہ وسایا	37
جماعتی سرگرمیاں	ادارہ	39
ستائیسویں ختم نبوت کورس چناب نگر کے شرکاء	مولانا محمد وسیم اسلم	40

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کلمۃ الیوم

ستائیسواں سالانہ کل پاکستان ختم نبوت کورس چناب نگر کی رپورٹ

۲۰۱۹ء کے چھبیسویں سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر میں گیارہ سو باون (۱۱۵۲) حضرات شرکاء کرام تھے۔ ۲۰۲۰ء میں سالانہ کورس بوجہ کرونا کے منعقد نہ ہوسکا۔ امسال ۲۰۲۱ء کا کورس (۲۷؍مارچ تا یکم اپریل مطابق ۱۳؍شعبان تا ۱۸؍شعبان ۱۴۴۲ھ) ہفتہ تا جمعرات بڑی آب وتاب سے منعقد ہوا۔

گزشتہ کورس کی تعداد کو سامنے رکھ کر امسال خیال تھا کہ شرکاء کی تعداد پندرہ سو سے دو ہزار تک ہوسکتی ہے۔ اس حساب اور اندازہ سے انتظام واہتمام کیا گیا۔ لیکن حق تعالیٰ شانہ کی رحمت بے پایاں کے صدقے کہ گزشتہ کورس کی نسبت تعداد دوگنی سے بھی زیادہ ہوگئی۔ العظمۃ للہ! امسال کل داخلہ ۲۵۷۶ ہوا۔

جمعرات شام کو اسلام آباد، پشاور، چارسدہ سے ۹ بسیں آگئیں۔ جمعہ صبح کے قریب کوئٹہ سے تین لگژری کوچوں کا قافلہ ۱۴۰ افراد کے ساتھ پہنچا۔ ملتان جامعہ عمر بن خطاب سے رفقاء پچاس سے زائد شریک ہوئے۔ کراچی سے ہفتہ کے روز ۹۰۰ حضرات ٹرین سے تشریف لائے۔ لاڑکانہ، حیدرآباد، نواب شاہ، روہڑی کے حضرات ٹرین سے تشریف لانے والے علاوہ ازیں تھے۔ بہاول پور، لاہور سے بھی قافلے بسوں کے ذریعہ آئے۔ جو ساتھی اسپیشل منی کوچیز یا ویگنوں کے ذریعہ آئے، ان کا شمار نہیں۔ چہار سو قافلوں کی آمد، انفرادی رفقاء کی تشریف بری سے ایسا ماحول بنا کہ شش جہت اللہ رب العزت کی رحمتوں نے ختم نبوت کے خدام کو اپنے حصار میں نہال کردیا۔ ہر ساتھی کے چہرے پر مسرت وانبساط، شادمانی وکامرانی کے تاثرات جگمگا اٹھے۔ اللہ رب العزت بہت ہی جزائے خیر دے رفقاء گرامی قدر کو جتنے مہمان زیادہ آتے گئے، منتظمین کے حوصلے اتنے بڑھتے گئے اور چہروں کی رونقیں دوبالا ہوتی گئیں۔ قرآن مجید میں ہے: ”لا یکلف اللہ نفسا الا وسعھا“ اس کا ایک نظارہ آنکھوں نے یہ بھی دیکھا کہ اللہ رب العزت جتنا بوجھ ڈالتے گئے، اتنا حوصلہ بھی بڑھاتے گئے۔

مولانا محمد وسیم اسلم، مولانا شیر عالم، مولانا شرافت علی نے داخلہ کے عمل کو شروع کیا۔ مولانا خالد عابد مہمانوں کو رہائش تقسیم کرتے گئے۔ مولانا صغیر احمد، مولانا محمد اسحق ساقی نے کھانے کے نظم کو سنبھالا۔ اس صورت حال کو دیکھ کر ضرورت کے مطابق بڑی بے جگری سے مولانا عزیز الرحمن ثانی انتظامات کو وسعت دیتے گئے۔ لاہور، گوجرانوالہ، سیالکوٹ دفاتر سے نگرانوں کو چناب نگر بلوالیا۔ حضرت مولانا سیف اللہ خالد نے مزید دو

باورچی اور حضرت مولانا عزیز الرحمٰن رحیمی صاحب نے اپنے جامعہ سے ایک باورچی کا انتظام کر دیا۔ یوں کھانے کے نظم کو کچھ سنبھالا ملا۔ اپنے مدرسہ کا مطبخ کا پورا عملہ علاوہ تھا۔ پھر بھی یومیہ اجرت پر کچھ پکاوے بلائے گئے۔ یومیہ تیس من سے زیادہ آٹا کی روٹیاں پکانا جو پندرہ ہزار سے بھی زائد بنتی تھیں، خاصا مشقت کا کام تھا۔

ناشتہ کے لئے ایک دن چنے روٹی، ایک دن رس یا پاپے جو تین من کے قریب ایک ناشتہ میں منگوائے جاتے۔ ایک دن ناشتہ کے لئے چاولوں کی بیس سے بھی زائد دیگیں اتاری جاتیں۔ اپنے مدرسہ کے حفظ کے طلباء، کورس کے شرکاء، مہمانان و منتظمین سمیت ایک وقت میں تین ہزار کا کھانا تیار کرنا۔ پتہ نہیں کیسے ہوگیا۔ ہوا مگر شاندار اور پروقار۔ ایک آدھ دن میں سارا نظم سیٹ ہوگیا۔ اللہ رب العزت کے فضل واحسان، توفیق وعنایت کے قربان جائیں کہ وقتی چند منٹ پریشانی کے علاوہ کوئی لاینحل مشکل نہیں کھڑی ہوئی۔ ایسے محسوس ہوتا تھا کہ قدرت حق خود بخود توفیق رفیق فرمارہی ہے۔ برکتوں ورحمتوں کے نزول کا تو چھاجوں برسات کا سا منظر تھا۔

ے حفظ کی کلاسوں کو عیدگاہ بھیج دیا گیا۔ ان کے لئے سائبان لگوائے گئے۔ آفریں ان طلباء واساتذہ کے اتنے خوشدلی سے منہمک تعلیم رہے کہ وجدان وایقان بھی عش عش کر اٹھے۔ اساتذہ نے اپنے اپنے مکانات خالی کر دیئے۔ دونوں مدرسوں کی دونوں منزلیں پر ہوگئیں تو مسجد کی چھت پر سائبان لگوا دیئے گئے۔ پرانے مدرسہ کے نئے نو کمروں کی تیسری چھت پر سائبان لگوائے گئے۔ نئے مدرسہ میں بڑی بڑی تین کنوپیاں لگوائیں گئیں۔ کالونی کے دوستوں نے اپنے اپنے مہمان خانوں کے رہائش کے لئے دروازے کھول دیئے۔ قدیم مدرسہ ومسجد کے صحن میں مکمل طور پر دسترخوان لگتے اور تین ہزار کے لگ بھگ مہمان ایک ساتھ کھانا پر بیٹھتے تو محمد عربی ﷺ کی ختم نبوت کے پاسبانوں کے محمدی دسترخوان رب کریم کی ربوبیت وسخاوت کا تابندہ ودرخشاں نشان بن جاتے۔

جمعہ شام کو حضرت مولانا غلام رسول دین پوری، حضرت مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، حضرت مولانا مفتی محمد راشد مدنی نے تعلیم کا نظام الاوقات ترتیب دیا۔ آٹھ بجے پہلا پریڈ فقیر کا۔ دوسرا پریڈ مولانا غلام رسول صاحب کا۔ وقفہ کے بعد بارہ بجے تک کا پریڈ مولانا راشد مدنی صاحب کا۔ ظہر کے بعد مؤخر الذکر دونوں حضرات، عشاء کے بعد مولانا راشد صاحب اور حضرت مولانا فضل الرحمٰن منگلا پڑھاتے۔ مؤخر الذکر نے پروجیکٹر پر دروس دیئے۔ چند دنوں میں ہفتہ بھر پڑھائی جانے والی کتاب شبہات جلد دوم مکمل ہوگئی۔ اس کے بعد مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، مولانا محمد وسیم اسلم، مولانا غلام رسول، حضرت مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی نے شبہات حصہ اوّل وسوم پڑھا دیئے۔ اس دوران میں مسیحیت کے حوالہ سے مولانا راشد مدنی کے بھی لیکچر

ہوئے۔دن رات ایک کر کے تین ہفتوں کا کام ایک ہفتہ میں نپٹا دیا گیا۔

پہلا سبق مسجد میں ہوا۔مسجد کا ہال دونوں برآمدوں کے علاوہ سائیڈوں پر ساتھیوں نے کھڑے ہوکر سبق پڑھایا اللہ پاک آپ کے کرم کے قربان کہ آپ کے کرم نے ساتھیوں کو کیا محبتوں سے سرشار کیا کہ سراپا ایثار ہوگئے۔اب مسجد کی تمام تر وسعت وفراخی شرکاء کی اتنی بڑی تعداد کے لئے ناکافی ہوگئی تو فوری طور پر نئے مدرسے کے وسیع پنڈال کو درس گاہ کے طور پر فوری سپیکر،صفوں،بجلی اور سائبان کا انتظام کر کے وہاں کلاس لگا دی گئی۔رفقاء پڑھنے کے لئے بیٹھے تو جلسہ گاہ کا منظر آنکھوں میں گھوم گیا۔اندیشہ تھا کہ گرمی میں یہ سائبان گرمی نہ روک پائیں گے تو کلاس کا یہاں پڑھنا پڑھانا مشکل ہوجائے گا۔اس کا ہمارے پاس کوئی متبادل نہ تھا۔حق تعالیٰ نے پورا ہفتہ ٹھنڈی میٹھی ہوا چلادی کہ چہار سو نہیں بلکہ شش جہت خنکی نے ڈیرے ڈال دیئے۔ابرآلود موسم ہوتا تو بارش کے خدشہ سے کپکپی طاری ہوجاتی،بادل بھی آتے رہے،ہوا بھی چلتی رہی،موسم بھی ٹھنڈا رہا،خنکی نے راحت وسکون بھی دیا۔ایک سیکنڈ کے لئے بھی گرمی نے شکل تک نہ دکھائی۔الحمد للہ اوّلاً وآخراً!

کرونا زور پکڑ رہا تھا مولانا عزیز الرحمن ثانی صاحب،مسجد عائشہ لاہور سے دو سینی ٹائزر گیٹ اٹھا لائے۔داخلہ فارم کے ساتھ ہر ساتھی کو ماسک بھی دیا جاتا۔کلاس اور پانچوں وقت نماز کے لئے سینی ٹائزر گیٹوں سے گزارا جاتا۔محلول کا سپرے بوتلوں کے ذریعہ کیا جاتا۔امکانی حد تک جو ممکن تھا کیا۔انتظامیہ کے حضرات آتے،مولانا غلام مصطفیٰ،مولانا ثانی،مولانا راشد مدنی محبتوں کے مدلل مربوط موقف سے ان کو ہمنوا بنا کر اپنا وکیل بنا دیتے۔بہت شکریہ انتظامیہ کا کہ وہ فرماتے ضرور رہے لیکن پیچ وتاب رازیؒ کی بجائے سوز وساز رومیؒ کا سا معاملہ رکھا۔ادھر اخبارات میں حکومتی احمقانہ بیانات نے وہ ماحول بنایا کہ سکول بند،کالج بند،یونیورسٹیاں بند،اورنج ٹرین بند،میٹرو بس بند،ہفتہ میں دو دن مارکیٹیں بند۔ان اقدامات سے اندیشہ ہوا کہ یکدم اگر لاک ڈاؤن میں شدت لائی گئی تو ہزاروں مہمانوں کی واپسی کا کیا بنے گا۔یہ تو ہمارے پاس امانت ہیں،کوئی ایک آدھ کیس نکل آیا تو سراسیمگی کو نہ روک پائیں گے۔رفقاء نے یہی فیصلہ کیا اور صحیح کیا کہ ہفتہ بھر دن رات ایک کر کے پڑھائی مکمل کرلیں۔امتحانات نہ کرائیں۔سندوں کو رجسٹر پر چڑھا کر ریکارڈ مکمل کر دیا جائے۔سندیں ساتھی لیتے جائیں اور خود پر کرلیں گے۔

چار صد روپیہ ہر شریک کورس کو مجلس اعزازیہ پیش کرتی ہے۔قریباً اٹھانوے ساتھیوں کا عذرات مختلفہ کے باعث خارجہ ہوا۔پھر بھی وظیفہ کی مد میں نولاکھ اکانوے ہزار دوسو روپے چار صد فی کس کے حساب سے تقسیم ہوئے۔قادیانی شبہات،قادیانی مذہب،مقدمہ بہاولپور تین جلدوں کا سیٹ،تحفہ قادیانیت چھ جلدوں کا سیٹ۔کسی ساتھی کو کوئی کتاب ملی،کسی کو کوئی۔یوں اللہ،اللہ کر کے گزارہ ہوا۔جو عزائم اور تمنائیں

تھیں وہ حسرتوں میں بدل گئیں کہ اتنے ساتھیوں کو ایک وقت میں یہ سب کچھ مہیا کرنا ناممکن ہوگیا۔ پھر بھی چھتیس لاکھ سے زائد کی کتب رفقاء کو ہدیہ کی گئیں۔ فلحمدللہ!

چنانچہ خدا خدا کر کے بدھ کے دن وظیفہ تقسیم کیا۔ مولانا راشد مدنی، مولانا عزیزالرحمٰن ثانی، مولانا وسیم اسلم، مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا خالد عابد، مولانا عتیق الرحمٰن، مولانا فضل الرحمٰن نے وظیفہ کے عمل کو مکمل کیا۔ مولانا عبدالرشید، مولانا محمد اسحٰق ساقی معاونت کے لئے سرگرم عمل رہے۔ مولانا محمد قاسم، مولانا محمد خبیب، مولانا شیر عالم نے مکتبہ کے نظام کو چلایا دو دنوں میں پندرہ لاکھ روپیہ سے زیادہ کی کتب سیل ہوئیں۔ کتابوں کے چوبیس سو اٹھہتر بنڈل مانسہرہ کی جماعت کے رفقاء نے تیار کئے۔ کتابوں کے بنڈلوں کے کارٹن حسب سابق حضرت سید پیر فاروق احمد شاہ صاحب مرحوم کے صاحبزادوں نے بنوا کر پہنچا دیئے۔ مولانا غلام رسول، مولانا محمد اسماعیل، مولانا عزیزالرحمٰن، مولانا محمد اسحٰق، مولانا شیر عالم، قاری عبیدالرحمٰن، قاری محمد اصغر، مولانا سیف اللہ خالد، مولانا قاضی ہارون الرشید، مولانا محمد بلال، مولانا وسیم، مولانا عتیق الرحمٰن، مولانا خالد عابد، مولانا عبدالرشید، مولانا قاری عبدالحمید حامد، مولانا محمد یاسر، مفتی دین محمد، مولانا سید خبیب احمد شاہ، مولانا راشد مدنی اور دوسرے حضرات کے ہاتھوں اسناد و کتب تقسیم ہوئیں۔ جامعہ دارالقرآن کے شیخ الحدیث حضرت مولانا عزیزالرحمٰن رحیمی نے اختتامی دعا کرائی۔ رفقاء کی کھانے کے بعد واپسی شروع ہوئی۔ جمعرات سے پیر کے روز تک قافلے واپسی کا سفر اپنی بکنگ کے مطابق کرتے رہے۔ ایک ہفتہ کورس ہوا۔ لیکن جمعرات سے اگلے پیر تک بارہ دن چناب نگر کی زمین مہمان رسول مقبول ﷺ کے لئے دیدہ دل و فرش راہ بنی رہی۔ بغیر کسی ایک ذرہ کی تکلیف کے اتنا بڑا نظم کیسے بخیر و خوبی اختتام پذیر ہوا، سوائے رب کریم کے کرم و احسان کے اور کوئی بات سمجھ نہیں آتی۔ اتنے مہمانوں کی آمد، ہفتہ بھر کورس نہیں بلکہ کانفرنس پل جھپکتے گزر گئے۔

یاد بخیر

نہیں دیکھی اگر تم نے کسی مردود کی صورت
تو دیکھو قادیان کے ’’مصلح موعود‘‘ کی صورت

براہ ربوہ کعبے کو جو جاتے ہیں یقیناً وہ
نہ دیکھیں گے کبھی بھی منزل مقصود کی صورت

کبھی چھیڑا جو میں نے تذکرہ ان کی صداقت کا
تو غصے میں وہ بھک سے اڑ گئے بارود کی صورت

تواضع لاٹھیوں سے مہمانوں کی جو کرتے ہیں
خدا بننے کی کوشش میں ہیں وہ نمرود کی صورت

’’زیاں‘‘ وہ باندھ کر چلتے جو لوٹ آئے اسمبلی سے
قیامت تک نہ دیکھیں گے کبھی اب سود کی صورت

(علامہ طالوت......روزنامہ آزاد لاہور ۳۰؍اپریل ۱۹۵۱ء)

سیدنا حسنؓ سے مروی آنحضرتﷺ کے اوصاف حمیدہ

سیدنا حضرت حسنؓ نے آپﷺ کے اوصاف حمیدہ بیان کرتے ہوئے فرمایا:

''آپ طبعی طور پر بااخلاق تھے۔ زبان میں تکلف نہ تھا۔ بازار میں اونچی آواز سے نہ بولتے۔ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں بلکہ درگزر سے کام لیتے۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتال کے علاوہ کبھی کسی کو قتل نہیں کیا۔ روزمرہ معاملات میں خدام یا کسی اور مرد وزن کو کبھی کچھ نہیں کہا اور نہ ہی اپنے اوپر کئے گئے ظلم کا بدلہ کسی سے لیا۔ الاّ یہ کہ اس کا تعلق اللہ کے محارم کی پامالی سے ہو۔ اللہ تعالیٰ کے محارم کی پامالی پر آپﷺ بہت ناراض ہوتے تھے۔ دو چیزوں میں اختیار کے وقت آپﷺ بہت آسان کو منتخب فرماتے۔ اپنے گھر میں ایک عام فرد کی طرح ہوتے۔ کپڑوں کو پیوند لگاتے اور گھر موجود بکریوں کا دودھ دوہتے۔ اپنے کام اپنے ہاتھوں سے کرتے۔ ضرورت کے مطابق بولتے۔ لوگوں میں اتحاد ویگانگت پیدا کرتے، نفرت نہ دلاتے۔ ہر جماعت کے معزز شخص کی تکریم کرتے اور اسے ان کا ذمہ دار مقرر کردیتے۔ سب کے ساتھ خندہ پیشانی اور حسن اخلاق سے پیش آتے۔ برے کو برا مانتے اور اس کی حوصلہ افزائی نہ کرتے۔ آپﷺ اعتدال اور میانہ روی کو پسند فرماتے۔ آپﷺ بے اعتنائی نہ برتتے کہ مبادا لوگ بھی بے اعتنائی نہ برتنے لگیں اور اکتا جائیں۔ ہر صورت حال کا سامنا کرنے کے لئے تیار رہتے۔ حق کو کبھی نہ چھوڑتے اور نہ ہی حق سے تجاوز کرتے۔ آپﷺ کے حلقہ میں بہترین لوگ ہوتے۔ آپﷺ کے نزدیک لوگوں میں سے افضل وہی ہوتا جس کی خیرخواہی زیادہ ہوتی اور بڑا مقام ومرتبہ اسی کا ہوتا جو دوسروں کا زیادہ غمگسار اور مددگار رہتا۔ اٹھتے بیٹھتے اللہ کا ذکر کرتے۔ آپﷺ اگر کسی کے ہاں جاتے، جہاں جگہ پاتے بیٹھ جاتے اور ایسا کرنے کا حکم بھی دیتے۔ اپنے ساتھ ہر بیٹھے ہوئے شخص کی طرف اس انداز سے توجہ فرماتے کہ کسی بیٹھے والے کو دوسروں کے مقابلے میں اپنی بے عزتی کا احساس نہ ہوتا۔ جو آپﷺ کے ساتھ بیٹھتا یا کسی ضرورت کے سلسلے میں گفتگو کرتا تو آپﷺ اس کے ساتھ اس وقت تک رکے رہتے یہاں تک کہ وہ خود چلا نہ جاتا۔ ضرورت مند کی ضرورت پوری کردیتے۔ آپﷺ اپنے اخلاق حمیدہ کی بدولت لوگوں کو اس قدر گرویدہ بنالیتے کہ ان کے لئے آپ بہ منزلہ والد کے ہوجاتے۔ تمام لوگ آپ کے نزدیک ایک جیسے تھے۔ آپﷺ کی مجلس، علم وعمل، صبر وحیا اور امانت کی مجلس ہوتی۔ نہ کسی کی عیب جوئی ہوتی اور نہ ہی غیبت وبہتان تراشی کی جاتی۔ سب کے ساتھ یکساں برتاؤ ہوتا، برتری وفضیلت کا پیمانہ تقویٰ وطہارت ہوتا۔ چھوٹوں پر شفقت اور بڑوں کا احترام کیا جاتا۔ حاجت مند کی حاجت روائی اور اجنبی کی حفاظت واحترام کیا جاتا۔'' (ریحانۃ النبیﷺ ص۹۹،۱۰۰)

نعت رسول مقبول ﷺ

چوہدری غلام رسول لاہور

یہ کس کی آمد آمد ہے بصد انداز رعنائی ۔۔۔ بہاریں خود لپک کر کر رہی ہیں گلشن آرائی
چمن اس سے عبارت ہے بہاریں گل بداماں ہیں ۔۔۔ نہیں منت کش دست صبا اس کی خود آرائی
نظر کو اس سے سیرابی دلوں کو ذوق بے تابی ۔۔۔ سکوں بخش وتلاطم خیز ہے اس کی یہ رعنائی
ہماری کم نصیبی لے گئی سوئے صنم خانہ ۔۔۔ ہماری تشنگی کو واں پہ بھی لیکن نہ موت آئی
مداوائے جنوں اپنا صنم خانوں سے کیا ہوگا ۔۔۔ کہ ان کے دم قدم سے اور ہوگی دشت پیمائی
برس ابر کرم تجھ سے امیدیں ہم لگائے ہیں ۔۔۔ کہ کشت زندگی نے تجھ سے ہی آخر نمو پائی
وہی محبوب فطرت ہے وہی ہے جان جاں اپنا ۔۔۔ کہ جان ناشکیبا کو بہم اس سے شکیبائی

ساقی

شورش کاشمیری

چھلکنے کو ہے اب پیمانۂ عمر رواں ساقی ۔۔۔ فسانہ ہوگئی ہے صحبت پیر مغاں ساقی
غزل کے روپ میں اجمال کی تفصیل کا نقشہ ۔۔۔ بس اتنا یاد ہے جام وسبو تھے مہرباں ساقی
پس دیوار زنداں چند دیوانے اکٹھے ہیں ۔۔۔ اٹھا لائی کہاں پر گردش دور زماں ساقی
پرایوں نے جو کچھ اس سے کیا وہ ظاہر وباہر ۔۔۔ خود اپنوں سے پریشاں حال ہے اردو زباں ساقی
وہی حجاج بن یوسف وہی مختار بن ثقفی ۔۔۔ اسی پہلی ڈگر پر چل رہا ہے کارواں ساقی
فقیہوں نے خدا کا خوف رکھا طاق نسیاں پر ۔۔۔ ادیبوں میں کہاں اندیشہ سود و زیاں ساقی
کہانی رہ گئی ہے میر و انشاء کے سفینوں میں ۔۔۔ مگر وہ میر و انشا کا زمانہ اب کہاں ساقی
کنایے تیر و نشتر، استعارے خنجر و پیکاں ۔۔۔ معانی ڈھونڈتے ہیں نکتہ سنجان جہاں ساقی
مرصّع گالیاں دیں ماقیماں پڑھنے والوں نے ۔۔۔ سلام ان پر ان کی گالیاں ہیں ارمغاں ساقی

(چٹان لاہور ۶ رنومبر ۱۹۶۷ء)

رسول اللہ ﷺ سے محبت

مولانا عطاء الرحمٰن رحیمی کوئٹہ

قرآن کریم کی مختلف آیات کریمہ اور متعدد احادیث شریفہ سے یہ بات واضح طور پر معلوم ہوتی ہے کہ ایک مسلمان کو اللہ تعالیٰ، سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ اور دین اسلام سے بے انتہا محبت کرنی چاہئے۔ درحقیقت یہ سب ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ ایک شخص اللہ تعالیٰ سے محبت کرے، مگر اس کے پیارے رسول محمد ﷺ سے محبت نہ کرے یا اس کے بھیجے ہوئے دین اسلام سے محبت نہ کرے یا اللہ کے رسول ﷺ سے محبت کرے اور اللہ تعالیٰ اور دین اسلام سے محبت نہ کرے۔ حقیقت یہ ہے آپ ﷺ سے محبت کرنا ضروری ہے اور کمال ایمان اسی پر موقوف ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ آپ ﷺ کو نبی و رسول ہونے کے ساتھ، اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو ایک ایسا انسان بنایا تھا جو کسی بھی طرح کے نقص سے پاک تھا۔ آپ ﷺ کو من جانب اللہ حسن و جمال، لیاقت و کمال اور احسان و نوال کا اتنا وافر حصہ ملا تھا کہ آپ ﷺ کے علاوہ کسی شخص کو میسر نہیں ہوا۔ آپ ﷺ اس دنیا کے کامل و مکمل انسان اور افضل البشر تھے۔ پھر آدمی آپ ﷺ سے محبت کیوں نہ کرے۔

محبت کا مفہوم و مطلب

علامہ نووی فرماتے ہیں محبت کی اصل یہ ہے کہ دل کسی ایسی چیز کی طرف مائل ہو جو مرغوب و پسندیدہ ہو۔ پھر دل کا میلان کبھی ایسی چیز کی طرف ہوتا ہے جس میں انسان لذت محسوس کرتا ہو اور اسے حسین سمجھتا ہو، جیسے حسن و صورت اور کھانا وغیرہ اور (دل کا) میلان کبھی ایسی چیز کی طرف ہوتا ہے جس کی لذت باطنی وجوہ کی بنا پر اپنی عقل سے معلوم کرتا ہو، جیسے صلحاء، علماء اور اہل فضل کی مطلق محبت اور کبھی دل کا میلان کسی کی طرف اس کے احسان اور اس سے کسی تکلیف دہ اور ناپسندیدہ چیزیں دور کرنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔

(المنہاج شرح صحیح مسلم بن الحجاج ج۲ ص ۱۴۲)

علامہ عینی فرماتے ہیں دل کا تعلق اور میلان کسی چیز کی طرف ہونا، اس تصور سے کہ اس میں کوئی کمال اور خوبی و عمدگی ہے، اس طرح کہ وہ شخص اپنے رجحان اور آرزو و خواہش کا اظہار اس چیز میں کرے جو اس کو اس سے قریب کردے۔ (عمدۃ القاری ج ۱ ص ۱۴۲) الحب اور المحب دونوں (عربی کے) الفاظ ایسے معنی کو ادا کرتے ہیں، جس کا تعلق قلب سے ہے، جو دوسری صفات کے مقابلہ میں اپنے اندر ایک وسیع مفہوم رکھتا ہے اور اپنی تاثیر کے اعتبار سے، سب سے زیادہ عظیم ہے، کیونکہ کہ اس میں دل کا میلان اور محبوب کی طرف

کھچاؤ پایا جاتا ہے اور وہ انسان کی طبیعت میں ایسا شعور اور سلوک کا جذبہ پیدا کر دیتا ہے کہ کبھی یہ کیفیت ہو جاتی ہے کہ محبت کرنے والا اپنی محبوب کی رضا حاصل کرنے کے لئے اپنا سب کچھ قربان کر دیتا ہے۔ بلکہ اپنی محبوب کی محبت میں اپنے آپ سے بھی بیگانہ ہو جاتا ہے اور اپنی صفات چھوڑ کر محبوب کی صفات اختیار کر لیتا ہے۔ (محبت رسول اللہ ﷺ ایمان میں سے ہے ص۱۰)

قرآن کریم میں آپ ﷺ سے محبت کا تذکرہ

ارشاد خداوندی ہے (ترجمہ) ایمان والوں کے لئے یہ نبی ان کی اپنی جانوں سے بھی زیادہ قریب تر ہیں۔ (الاحزاب:۶) مفتی محمد شفیعؒ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں نبی ﷺ مومنین کے ساتھ ان کے نفس اور ذات سے بھی زیادہ تعلق رکھتے ہیں۔ کیونکہ انسان کا نفس تو کبھی اس کو نفع پہنچاتا ہے، کبھی نقصان کیونکہ اگر نفس اچھا ہے، اچھے کاموں کی طرف چلتا ہے تو نفع ہے اور برے کاموں کی طرف چلنے لگے تو خود اپنا نفس ہی اپنے لئے مصیبت بن جاتا ہے۔ بخلاف رسول اللہ ﷺ کے کہ آپ ﷺ کی تعلیم نفع ہی نفع اور خیر ہی خیر ہے اور اپنا نفس اگر اچھا بھی ہو اور نیکی ہی کی طرف چلتا ہو۔ پھر بھی اس کا نفع رسول اللہ ﷺ کے نفع کے برابر نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اپنے نفس کو تو خیر اور شر اور مصلحت و مضرت میں مغالطہ بھی ہو سکتا ہے اور اس کو مصالح و مضار کا پورا علم بھی نہیں۔ بخلاف رسول اللہ ﷺ کے کہ آپ ﷺ کی تعلیمات میں کسی مغالطہ کا خطرہ نہیں اور جب نفع رسانی میں رسول اللہ ﷺ ہماری جان اور ہمارے نفس سے بھی زیادہ ہیں تو ان کا حق ہم پر ہماری جان سے زیادہ ہے اور وہ حق یہی ہے کہ آپ ﷺ کی ہر کام میں اطاعت کریں اور آپ ﷺ کی تعظیم و تکریم تمام مخلوقات سے زیادہ کریں۔ (معارف القرآن ج۷ ص۸۵،۸۶)

ایک دوسری جگہ ارشاد ربانی ہے (ترجمہ) آپ کہہ دیجئے کہ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں اور تمہارا کنبہ اور وہ مال جو تم نے کمائے ہیں اور وہ تجارت جس میں نکاسی نہ ہونے کا تمہیں اندیشہ ہو اور وہ گھر جو تمہیں پسند ہو۔ تم کو اللہ سے اور اس کے رسول اللہ ﷺ سے اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ پیارے ہوں تو تم منتظر رہو۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم (سزائے ترک ہجرت کا) بھیج دیں اور اللہ تعالیٰ بے حکمی کرنے والے لوگوں کو ان کے مقصود تک نہیں پہنچاتا۔ (التوبہ:۲۴)

اس آیت کے تحت حضرت مولانا منظور احمد نعمانی رقم طراز ہیں: پس قرآن مجید کی اس پر جلال آیت کا تقاضا اور مطالبہ بھی یہی ہے کہ ایمان والوں کو اپنی تمام قابل محبت چیزوں سے زیادہ، اللہ و رسول ﷺ کی اور اس کے دین کی محبت ہونی چاہئے۔ اس کے بغیر اللہ کی رضا اور اس کی خاص ہدایت حاصل نہیں ہو سکتی اور ایمان کامل نہیں ہو سکتا۔

اہمیۃ محبۃ النّبی ﷺ فی حیاۃ المسلم

قسط نمبر 14:　　　　مصنفہ: الشیخ عبداللہ مسعود: ترجمہ: مولانا غلام رسول دین پوری

دوسری فصل: آنحضرت ﷺ کے امت پر احسانات، اور امت کے ایمان لانے کی حرص کے بیان میں۔اس (فصل) میں پانچ بحثیں ہیں:

پہلی بحث: آپ ﷺ کا امت پر احسان وانعام کرنا۔

دوسری بحث: آپ ﷺ کا امت سے محبت کرنا اور امت کے ایمان کی حرص کرنا۔

تیسری بحث: رسول اللہ ﷺ سے محبت کرنے کے ثمرات ونتائج۔

چوتھی بحث: ہم رسول اللہ ﷺ سے محبت (زیادہ سے زیادہ) کیسے بڑھائیں؟۔

پانچویں بحث: ہم بچوں کی رسول اللہ ﷺ سے محبت کرنے کے حوالے سے کیسے تربیت کریں؟

پہلی بحث: آپ ﷺ کا امت پر احسان وانعام کرنا

آنحضرت ﷺ کا امت پر شفیق ومہربان ہونا، اور امت کی ہدایت ورہنمائی کی فکر فرمانا، اور امت کو جہنم سے بچانا وغیرہ احسانات قرآنی آیات سے روشن اور ظاہر باہر ہیں۔اور اللہ تعالیٰ نے کئی آیات میں اس کی شہادت دی ہے مثلاً: ایک مقام پر فرمایا: ’’لقد جاء کم رسول من انفسکم ، عزیز علیہ ما عنتّم ، حریص علیکم ، بالمؤمنین رؤف رّحیم (توبہ : ۱۲۸) ‘‘(بلاشبہ آیا ہے تمہارے پاس (عظیم الشان) رسول تم میں سے، بھاری ہے اس پر جو تم کو تکلیف پہنچے،حریص ہے تمہاری بھلائی پر، ایمان والوں پر نہایت شفیق ومہربان ہیں)

دوسرے مقام پر فرمایا: ’’لقد منّ اللّٰہ علی المؤمنین اذ بعث فیھم رسولا من انفسھم یتلوا علیھم اٰیٰتہ و یزکیھم و یعلمھم الکتب و الحکمۃ ، وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین (اٰل عمران : ۱۶۴) ‘‘(بلاشبہ اللہ نے احسان فرمایا ایمان والوں پر کیونکہ بھیجا ان میں عظیم الشان رسول (ﷺ) انہی میں سے، پڑھتا ہے ان پر آیتیں اس کی اور پاک کرتا ہے ان کو (شرک وغیرہ سے)، اور سکھاتا ہے ان کو کتاب اور کام کی باتیں، اور وہ تو پہلے سے صریح گمراہی میں تھے)

تیسری جگہ فرمایا: ’’قد جاء کم من اللّٰہ نور و کتب مبین ، یھدی بہ اللہ من اتبع

رضوانہ سبل السلام و یخرجھم من الظلمٰت الی النور باذنہ و یھدیھم الی صراط مستقیم (مائدہ: ۱۵،۱۶) ’’(بے شک تمہارے پاس آئی ہے اللہ کی طرف سے روشنی اور کتاب ظاہر کرنے والی جس سے اللہ ہدایت کرتا ہے اس کو جو تابع ہوا اس کی رضا کا سلامتی کی راہیں، اوران کو نکالتا ہے اندھیروں سے روشنی کی طرف اپنے حکم سے، اوران کو چلاتا ہے سیدھی راہ)

بھلا دیکھئے تو سہی! آنحضرت ﷺ کی جملہ مؤمنین و مسلمین اور ’’کافۃ للناس ‘‘ کی جانب بعثت سے بڑھ کر اور کوئی احسان وانعام ہوسکتا ہے؟ یا آپ ﷺ سے بڑھ کر مخلوقِ خدا کو فائدہ ونفع پہنچانے والی اور کوئی ہستی ہوسکتی ہے؟ کیونکہ آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس کے علاوہ مؤمنین وعامۂ مسلمین اور تمام لوگوں کے لئے ہدایت کا، اور جہالت وضلالت سے بچ نکلنے کا، اور فلاح وکامیابی کا، اور امت کی تعظیم وتکریم کا اور کوئی داعیہ اور وسیلہ وذریعہ ہے ہی نہیں اور آپ ﷺ ہی کل بروزِ قیامت امت کے لئے اور تمام اولین وآخرین کے لئے شفاعت فرمائیں گے، اور سب کی طرف سے اللہ کے حضور تکلم فرمائیں گے، اور مؤمنین کے لئے دائمی بقاء وحیات، اور ہمیشہ کی مسرت وراحت، اور جنت کی انعاماتِ ابدیہ وسرمدیہ کا باعث بنیں گے، اور وہ جنت جس کی صفت ’’و جنّۃ عرضھا السمٰوٰت و الارض ‘‘بیان کی گئی ہے، آپ ﷺ ہی کے ذریعے اور آپ ﷺ کی سفارش سے مؤمنین ومتقین کو ملے گی۔

امت کی خیریت: آنحضرت ﷺ کی ذات بابرکات پر ایمان کی برکت سے، اور آپ ﷺ کی محبت واتباع کے صدقہ سے امتِ اسلام ’’خیرامت‘‘ کے مبارک لقب سے ملقب ہوئی، چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ’’کنتم خیر امّۃ اخرجت للناس ، تأمرون بالمعروف ، و تنھون عن المنکر ، و تؤمنون باللّٰہ (ال عمران: ۱۱۰) ‘‘(تم ہو بہتر سب امتوں سے جو ظاہر کی گئی لوگوں کے لئے، حکم کرتے ہو اچھے کاموں کا، اور منع کرتے ہو برے کاموں سے، اور ایمان رکھتے ہو اللہ پر)۔ کسی صاحب نے آیت مبارکہ کی ترجمانی کرتے ہوئے کیا خوب کہا ہے:

بشریٰ لنا معشر الاسلام ان لنا　　من العنایۃ رکنا غیر منھدم
لما دعا اللّٰہ داعینا لطاعتہ　　باکرم الرسل کنا اکرم الامم

(اے اہل اسلام! ہمارے لئے کیا ہی خوشی کی بات! بلاشبہ ہمارے لئے (اللہ کی) عنایت کا عظیم ستون ہے جو نہ ساقط ہونے والا اور غیر مختتم ہے! کیونکہ ہمارے داعی (رسول معظم ﷺ) نے جب ہمیں اللہ کی طرف بلایا تو رسول مکرم ﷺ کی اطاعت سے ہم خیر الامم اور اکرم الامم ٹھہرے!)

فضائل سیدہ فاطمہؓ بنت النبی ﷺ از مسلم شریف

مولانا شاہد ندیم

۱...... حضرت مسور بن مخرمہؓ بیان فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ اگر بنی ہشام بن المغیرہ والوں نے اپنی بیٹیوں کے نکاح کی اجازت مانگی حضرت علی بن ابی طالب سے تو میں ان کو اجازت نہ دوں گا۔ پھر اجازت نہ دوں گا، پھر اجازت نہ دوں گا۔ (تین دفعہ فرمایا) مگر یہ علی بن ابی طالبؓ میری بیٹی کو طلاق دینا پسند کریں اور ان کی بیٹی سے نکاح کریں۔ کیونکہ میری بیٹی میرا ٹکڑا ہے۔ مجھے شک میں ڈالتی ہے وہ چیز جو اسے شک میں ڈالتی ہے۔ مجھے تکلیف دیتی ہے وہ چیز جو اسے تکلیف دیتی ہے۔

(مسلم شریف ج۲ص۲۹۰)

۲...... حضرت علی بن الحسینؒ (زین العابدین) بیان کرتے ہیں وہ جس وقت حضرت حسینؓ کی شہادت کے بعد مدینہ منورہ میں یزید بن معاویہ کے پاس آئے تو حضرت مسور بن مخرمہؓ نے ان سے ملاقات کی اور کہا کہ اگر کوئی ضرورت ہو تو حکم کریں۔ انہوں نے فرمایا: نہیں! حضرت مسور بن مخرمہؓ نے عرض کیا کہ آپ رسول اللہ ﷺ کی تلوار مجھے دے دیں (بطور حفاظت) کیونکہ مجھے ڈر ہے کہ لوگ زبردستی آپؒ سے لے نہ لیں۔ اللہ کی قسم! اگر مجھے عنایت کر دیں تو جب تک میری جان میں جان ہے مجھ سے کوئی نہ لے سکے گا۔ حضرت علی بن ابی طالبؓ نے حضرت فاطمہؓ کے ہوتے ہوئے ابوجہل کی بیٹی کو نکاح کا پیغام بھیجا تو میں نے رسول اللہ ﷺ سے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے سنا اور میں ان دنوں جوان ہو چکا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: فاطمہؓ میری بیٹی ہے اور مجھے ڈر ہے کہ کہیں ان کے دین میں فتنہ نہ ڈال دیا۔ راوی فرماتے ہیں پھر آپ ﷺ نے اپنے ایک داماد کا ذکر فرمایا جو کہ عبد شمس کی اولاد میں سے تھا اور ان کی دامادی کی خوب تعریف فرمائی اور آپ ﷺ نے فرمایا اس نے ایک بات مجھ سے سچ کر دکھائی اور مجھ سے جو وعدہ کیا تھا پورا کر دکھایا اور میں کسی حلال چیز کو حرام نہیں کرتا۔ لیکن اللہ کی قسم! اللہ کے رسول کی بیٹی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی ایک ہی جگہ کبھی اکٹھی نہیں ہو سکتیں (اس لئے یہاں دوسری شادی سے عارض ہے اس لئے جمع کرنا حرام ہے)

۳...... حضرت مسور بن مخرمہ خبر دیتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالبؓ نے ابوجہل کی بیٹی کو پیغام نکاح بھیجا اور حضرت فاطمہؓ ان کے نکاح میں تھیں۔ جب حضرت فاطمہؓ نے یہ بات سنی تو نبی کریم ﷺ کے پاس آئیں اور فرمایا کہ آپ کی قوم کے لوگ باتیں کرتے ہیں کہ آپ بیٹیوں کے لئے غصہ میں نہیں آتے اور حضرت علیؓ

ابوجہل کی بیٹی سے نکاح کرنے والے ہیں۔ مسورؓ کہتے ہیں کہ پھر نبی ﷺ کھڑے ہوئے خطبہ پڑھا۔ میں نے آپ ﷺ کا تشہد سنا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اما بعد! میں نے ابوالعاص بن ربیعؓ سے (اپنی بیٹی زینبؓ کا) نکاح کر دیا اس نے جو بات کی سچ کر دکھائی اور فاطمہؓ بنت محمد میرے جگر کا ٹکڑا ہے اور میں اس بات کو ناپسند سمجھتا ہوں کہ لوگ اس پر کوئی آزمائش لائیں۔ اللہ کی قسم! اللہ کے رسول کی بیٹی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی کبھی ایک ساتھ اکٹھی نہ ہوں گی۔ راوی فرماتے ہیں پھر حضرت علیؓ نے پیغام چھوڑ دیا۔ (مسلم شریف ج۲ص۲۹۰)

۴...... سیدہ عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہؓ کو بلایا اور ان کے کان میں کوئی بات فرمائی جس سے وہ رو پڑیں۔ پھر آپ ﷺ نے ان کے کان میں کوئی بات فرمائی جس سے وہ ہنس پڑیں۔ سیدہ عائشہؓ فرماتی ہیں میں نے سیدہ فاطمہؓ سے وجہ پوچھی تو سیدہ فاطمہؓ نے فرمایا کہ پہلے آپ ﷺ نے میرے کان میں خبر دی کہ میری موت قریب ہے تو میں رو پڑی۔ پھر آپ ﷺ نے میرے کان میں مجھے خبر دی کہ تو سب سے پہلے میرے گھر والوں میں سے مجھے ملے گی تو پھر میں ہنس پڑی۔ (مسلم ج۲ص۲۹۰)

۵...... سیدہ عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کی ساری ازواج مطہراتؓ آپ کے پاس موجود تھیں۔ ان میں سے کوئی بھی غیر حاضر نہ تھی۔ حضرت سیدہ فاطمہؓ تشریف لائیں اور سیدہ کے چلنے کا انداز ہو بہو آپ ﷺ جیسا تھا۔ آپ ﷺ نے آتے دیکھا تو مرحبا فرمایا۔ اے میری بیٹی مرحبا! پھر آپ ﷺ نے سیدہ کو دائیں یا بائیں جانب بٹھا لیا۔ پھر آپ ﷺ نے ان کے کان میں کوئی بات فرمائی۔ جس سے وہ شدید رونے لگیں۔ جب آپ ﷺ نے ان کا رونا دیکھا تو دوبارہ آپ ﷺ نے ان کے کان میں کوئی بات فرمائی جس سے وہ ہنس پڑیں۔ (سیدہ عائشہؓ) فرماتی ہیں میں نے حضرت فاطمہؓ سے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے کیا بات فرمائی، جس سے آپ روئیں اور پھر ہنسیں۔ حضرت فاطمہؓ نے فرمایا میں رسول اللہ ﷺ کا راز فاش نہیں کروں گی۔ پھر جب آپ ﷺ کی وفات ہوئی تو میں نے حضرت فاطمہؓ کو اس حق کی قسم دے کر پوچھا جو میرا ان پر تھا کہ اب وہ بات دو۔ حضرت فاطمہؓ نے فرمایا ہاں اب بتا دیتی ہوں۔ آپ ﷺ نے پہلی مرتبہ یہ بات بیان فرمائی تھی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام ہر سال میرے ساتھ ایک مرتبہ یا دو مرتبہ دور فرمایا کرتے تھے اور اس سال دو مرتبہ دور کیا ہے۔ جس کی وجہ میرا خیال ہے، موت قریب آگئی ہے۔ پس تم اللہ سے ڈرتی رہو اور صبر اختیار کرو۔ کیونکہ میں تمہارے لئے آگے جانے والا اچھا ہوں تو میں رو پڑی تھی۔ جیسے کہ آپ نے دیکھا تھا۔ پھر دوسری مرتبہ فرمایا تھا فاطمہ! تم اس بات پر راضی نہیں ہو تم مؤمنوں کی عورتوں کی سردار ہو یا تم اس امت کی عورتوں کی سردار ہو تو میں ہنس پڑی جیسے کہ تم نے دیکھا تھا۔ (مسلم شریف ج۲ص۲۹۰)

انتخاب لاجواب

حافظ محمد انس

حضرت ابوبکر صدیق کا صبر

اس دنیا میں ہر انسان کے ساتھ مصیبتیں، پریشانیاں، بیماریاں زندگی کا حصہ ہیں۔ لیکن کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو ناخوشگوار حالات میں دوسروں کے لئے مثال بن جاتے ہیں۔ ان کا صبر دنیا دیکھ کر دنگ رہ جاتی ہے۔ ان سعادت مندوں میں سے ابوبکر صدیقؓ بھی ہیں۔ جن کے صبر کے متعلق دو واقعے یہاں پر درج کئے جاتے ہیں۔

۱...... ایک مرتبہ حضرت جبرئیل علیہ السلام اچانک آپ ﷺ کے پاس تشریف لائے۔ حضور ﷺ کو فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو سلام کہا ہے اور فرمایا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق سے کہہ دیجئے۔ تمہیں صحت ہوگئی ہے؟ حضور ﷺ کو اس سے تعجب ہوا کہ حضور ﷺ نے ابوبکر صدیقؓ سے پوچھا کیا تمہیں بیماری لاحق ہوگئی تھی؟ تو اس پر ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا کہ ساٹھ سال سے دانت میں درد تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا تم نے کبھی مجھے اطلاع نہ دی تو اس پر ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا کہ دوست کی کیا شکایت کرتا۔ (اعمال دل ص ۱۷۵)

۲...... ایک بار حضرت ابوبکر صدیق جناب رسول اللہ ﷺ کے پاس صرف ایک عبا پہنے ہوئے کہ اس میں بجائے تکمہ کے ایک کانٹا لگا ہوا تھا، حاضر ہوئے۔ آنحضرت ﷺ نے دریافت کیا یہ کیا وضع ہے؟ انہوں نے ابھی تک کچھ جواب نہ دیا تھا کہ اتنے میں حضرت جبرئیل علیہ السلام بھی اسی ہیئت سے تشریف لائے۔ اس سے آپ ﷺ کو اور زیادہ تعجب ہوا۔ ان سے اس کا سبب دریافت کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج اللہ تعالیٰ نے ہم کو حکم صادر فرمایا ہے کہ جس طرح ابوبکر نے زمین پر اپنی وضع بنائی ہے تم آسمان پر بناؤ اور مجھ کو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے پاس بھیجا ہے کہ ابوبکر سے میرا سلام کہو اور دریافت کرو اس حال میں تم مجھ سے راضی ہو۔ یہ سن کر حضرت ابوبکر صدیقؓ نے تین مرتبہ زور سے نعرہ مارا کہ میں اپنے رب سے راضی ہوں، میں اپنے رب سے راضی ہوں، میں اپنے رب سے راضی ہوں۔ (دینی دسترخوان ج۳ ص ۱۸۶)

سیرت نبوی کا نچوڑ

مولانا غلام رسول مہر فرماتے ہیں: ”حیات طیبہ کا نچوڑ چند لفظوں میں پیش کرنا چاہیں تو یوں کر سکتے ہیں:

۱...... جب تک مخالفوں کا زور رہا اور وہ ہر قسم کے ظلم و جور سے کام لیتے رہے، آپ ﷺ نے ایک ایک

آن صبر وشکر کے ساتھ گزاری۔کبھی پیشانی مبارک پر بل نہ آیا۔

۲...... جب ان کے ساتھ مقابلہ آپڑا تو عزم کے ساتھ پہاڑ کی طرح جم کر کھڑے ہوگئے۔

۳...... مخالفت وعداوت کے خوفناک طوفانوں میں بھی کسی کے ساتھ معاملے کی صورت پیدا ہوئی تو اسے بلا تامل قبول فرمالیا اور دوست دشمن کی تمیز کئے بغیر ہر دعوے کو اس راست بازی سے پورا کیا کہ دشمنوں کی زبانیں بھی اعتراف وتحسین کے ترانے گانے لگیں۔

۴...... جب خدا نے غلبہ عطا کیا تو ہر مخالف اور ہر دشمن کو بے تکلف معاف فرمادیا۔جن دشمنوں نے اکیس برس تک آپ ﷺ کے پیغام ہدایت کے جواب میں تلواریں، بھالے اور تیر چلائے تھے، ان کے زخم آپ ﷺ کے جسم مبارک پر اور آپ کے ساتھیوں کے جسموں پر تازہ تھے۔ان کے بھی بھی زبان پر ایک ہی ارشاد تھا۔جاؤتم آزاد ہو،تم پر کوئی الزام نہیں۔یہ چار نادر خصوصیتیں جس طرح رسول پاک کی ذات اقدس میں جمع ہوئیں۔آج تک انسانوں کی پوری تاریخ میں کسی ایک وجود کے اندر جمع نہیں ہوئیں۔

(مولانا غلام رسول مہر حیات وخدمات ص ۲۶۸)

کیا آپ کو معلوم ہے؟

قرآن پاک میں کل حروف ۳۲۳۶۷۱ ہیں اور ۵۴۰ رکوع اور ۷۷۰۰ کلمے ہیں۔علامہ زمخشری کے کہنے کے مطابق ۶۶۶۶ آیتیں ۱۱۴ سورتیں ہیں۔ان آیتوں میں سے ۱۰۰۰ قصوں میں ہیں اور ۱۰۰۰ امثال ہیں، ۱۰۰۰ وعدوں، ۱۰۰۰ احکام میں، ۱۰۰۰ نہی میں ہیں۔۵۰۰ میں حلال وحرام کا بیان ہے۔۱۰۰ دعاؤں میں ہیں۔آنحضرت ﷺ کو ۱۱ جگہ ’’یاایھا النبی ‘‘اور ۲۲ جگہ صرف نبی کے لفظ سے مخاطب کیا گیا ہے۔۱۵۰ جگہ خیرات کی تاکید کی گئی ہے۔۷۰ جگہ نماز کی تاکید کی گئی ہے۔تمام قرآن شریف میں لا الٰہ الا اللہ جا بجا ملتا ہے۔محمد رسول اللہ تمام قرآن کریم میں صرف دو جگہ آیا ہے۔یعنی سورۃ الفتح میں اور سورۃ الاحزاب میں۔جن آیتوں کی ابتدا یابنی آدم اور یا یہا الناس سے ہے وہ عموماً مکی ہیں اور جن کی ابتدا یا یہا الذین آمنوا سے ہے وہ عموماً مدنی ہیں۔تین آیتیں ایسی ہیں جن میں رسول اکرم ﷺ کی بشریت کا اعلان ہے۔سورہ کہف، سورہ حٰم سجدہ، سورہ اسریٰ میں۔تمام قرآن میں بارہ مقام پر امام کا لفظ آیا ہے۔تمام قرآن کریم میں جتنا ذکر حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ہے کسی نبی کا نہیں ہے۔قرآن کریم میں کہیں بھی کوئی ایسی آیت یا ایسا لفظ نہیں ہے۔جس سے یہ ثابت ہو کہ مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود وغیرہ تھا۔قرآن کریم میں رسول اکرم ﷺ کو صاف اور واضح الفاظ میں خاتم النبیین کہا گیا ہے۔

(سید شبیر حسین کلامی)

حضرت سیدنا سعدؓ بن ربیع

محمد وارث کامل

نام ونسب: آپ کا اسم شریف سعد تھا۔ سلسلۂ خاندان کی کڑیاں اس طرح بیان کی جاتی ہیں۔
سعد بن ربیع بن عمرو بن ابی زہیر بن مالک بن مرالقیس بن مالک اغر بن ثعلبہ بن کعب بن خزرج بن حارث بن خزرج (ابن سعد ج۲ ص۷۷) آپ کی والدہ ہزیطہ بنت منبہ تھیں۔ (ایضاً)

قبول اسلام: بیان کیا جاتا ہے کہ آپ مشرف بہ اسلام تو عقبہ اولیٰ میں ہی ہوگئے تھے (اسدالغابہ ج۲ ص۲۷۷) لیکن عقبہ ثانی میں بھی آپ کی شرکت کا ثبوت ملتا ہے۔ اس موقعہ پر انہیں اپنے قبیلہ کا نقیب نامزد کیا گیا تھا۔ (ایضاً)

مواخات: ہجرت کے بعد حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کے ساتھ ان کا برادرانہ رشتہ قائم ہوا تھا۔
حضرت سعدؓ بن ربیع نے عظیم الشان ایثار کا ثبوت پیش کیا تھا۔ صرف مال وجائیداد ہی میں آپ نے اپنے دینی برادر کو برابر کا حصہ نہیں دیا۔ بلکہ یہ بھی فرمایا دیکھئے آپ میرے برادر دینی ہیں اور آپ کی کوئی بیوی نہیں ہے۔ میرے پاس دو بیویاں ہیں۔ میں ایک کو آپ کی خاطر چھوڑتا ہوں۔ آپ اس سے نکاح کر لیجئے۔
حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ اپنے بھائی کے جذبہ ایثار سے متاثر تو ضرور ہوئے ہوں گے۔ لیکن آپ نے تکلیف مالایطاق کا موقعہ نہ دیا اور فرمایا: ’’بارک اللہ فی اھلک ومالک دلّونی علی السّوق ‘‘ اللہ تعالیٰ آپ کے اہل وعیال اور مال ومنال میں برکت دے۔ مجھے تو بازار کا راستہ بتادو۔ (ابن سعد ج۳ ق۱ ص۷۷)

غزوات: حضرت سعدؓ بن ربیع غزوہ بدر میں بھی شریک ہوئے تھے۔ ابن سعد نے محمد بن عمرؓ کی روایت سے ان کی شرکت ظاہر ہے۔ (ایضاً)

حضرت سعدؓ بن ربیع غزوہ احد میں بڑی جان فروشی سے نبرد آزما ہوئے۔ جسم پر سخت زخم آئے جو شمار میں بارہ ہوتے تھے۔ یحییٰ بن سعیدؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کون ہے جو سعد بن ربیع کی خبر لائے۔ ایک شخص (ابی بن کعبؓ) تھے (واللہ اعلم بالصواب) نے کہا میں جا کر لاتا ہوں۔ چنانچہ مقتولین کے پشتوں میں اس شخص نے ادھر ادھر نظر دوڑائی۔ سعد بن ربیع نے دیکھ پایا۔ کچھ کچھ زندگی کی رمق باقی تھی۔ بڑی دھیمی آواز سے بولے کیوں بھئی کیا بات ہے۔ کس کی تلاش میں ہو۔ اس نے کہا مجھے آنحضرت ﷺ نے آپ کی خیر خبر کے لئے بھیجا ہے۔ آپ نے فرمایا: ’’فاذھب الیہ فاقرئہ منّی السلام واخبر قومک انہ لا عذر لھم عنداللہ ان قتل رسول اللہ واحدٌ منھم حیٌّ ‘‘ پس تو جا اور میری طرف سے جناب رسالت مآب کو سلام پیش کر اور اپنی قوم کو میری طرف سے یہ پیغام پہنچا دے کہ

اگران میں سے کوئی ایک بھی زندہ رہا اور رسول اللہ (خدانخواستہ) شہید ہوگئے تو خدا کے سامنے ان کا کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔

انتقال: محمد بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ سعدؓ بن ربیع انہیں زخموں کی تکلیف کی وجہ سے جن کا ہم نے اوپر ذکر کیا، راہی ملک بقا ہوئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! (ایضاً)

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد روئے گل سیر ندیدم کہ بہار آخر شد

شہداء کی تعداد زیادہ تھی۔ اس لئے آنحضرت ﷺ کے ارشاد کے بموجب ایک ایک قبر میں دو دو اشخاص مدفون ہوئے۔ حضرت سعدؓ بن ربیع اپنے چچا خارجہ بن زیدؓ بن ابی زہیر کے ساتھ دفنائے گئے۔ خدا کی شان میں دنیا میں بھی ساتھ رہا اور آخرت میں بھی۔ (اسد الغابہ ج۲ ص۲۷۸، بخاری ج۱ ص۵۶۱)

اہل وعیال: آپ نے دو لڑکیاں پیچھے بطور یادگار چھوڑیں۔ انہیں سے ایک ام سعد کی کنیت سے مشہور تھی۔ اس لڑکی کا نام جمیلہ تھا۔ خارجہؓ بن زید بن ثابت بن ضحاک اس خاتون کے بطن سے متولد ہوئے۔ جمیلہؓ یعنی ام سعدؓ کی والدہ کا نام عمرہ بن حزم بن زید بن لوذان تھا۔ (ابن سعد ج۳ ص۷۷، اصابہ ج۳ ص۷۷)

جابر بن عبداللہؓ سے مروی ہے کہ حضرت سعدؓ بن ربیع کے واقعہ شہادت کے بعد ان کی اہلیہ محترمہ اپنی دونوں بیٹیوں سمیت آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ حضور! یہ اس سعدؓ بن ربیع کی لڑکیاں ہیں جو غزوہ احد میں شہید ہوا۔ ان کے چچا نے ان کے مال پر قبضہ کرلیا ہے۔ وہ انہیں حق دار نہیں سمجھتا۔ خدا کی قسم! یا رسول اللہ! اگر ان کے پاس کوئی جائیداد نہ رہی تو ان کی شادی نہ ہوسکے گی۔ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ اس کا خود فیصلہ کردے گا۔ چنانچہ آیت میراث نازل ہوئی۔ پس آنحضرت ﷺ نے لڑکیوں کے چچا کو بلوایا اور حکم دیا: ”اعط ابنی سعد الثلثین واعط امهما الثمن ولک مابقی“ سعد کی دونوں لڑکیوں کو دو دو ثلث اور ان کی والدہ کو آٹھواں حصہ دے دو اور جو باقی بچے وہ تمہارا حق ہے۔ (ابن سعد ج۳ ص۷۸) آیت میراث حسب ذیل ہے: ”فان کن نساء فوق اثنتین فلهن ثلثا ما ترک“ اگر دو سے زیادہ عورتیں ہوں تو دو ثلث ان کا حصہ ہوگا۔ اس سے یہ حکم مستنبط ہوتا ہے کہ دو دو سے زیادہ عورتوں کا یکساں حصہ ہے۔

فضائل: وفات سے پیشتر آپ کی وصیت کے کلمات سے اتباع رسول ﷺ کے جس جذبہ کا اظہار ہوتا ہے اس کی نظیر شاذ ونادر ہی پیش کی جاسکتی ہے۔ خاک وخون میں لوٹ رہے ہیں۔ مگر جذبۂ عشق کی فراوانی میں فرق نہیں آتا۔ اپنی قوم سے بھی اسی قسم کے ایثار کی توقع رکھتے ہیں اور خلوص کی بنا پر دم توڑتے وقت اعلائے کلمۃ الحق کا علم بلند کرتے ہوئے جہان فانی کو خیر باد کہتے ہیں۔ حضرت سعدؓ بن ربیع کی خوش قسمتی کا کون اندازہ کرسکتا ہے کہ افضل الرسل اور افضل الناس بعد الانبیاء دونوں مدّاح ہیں۔ ظاہر ہے کہ خدا بھی ایسے بزرگ صحابی سے خوش ہوگا۔

مولانا قاری احسان اللہ کا وصال

مولانا اللہ وسایا

ضلع بٹ گرام کے علاقہ ٹکری گاؤں تھایا جدید میں مولانا سمندخان قوم ملاّ خیل سواتی کے ہاں محلہ بھارت نگر چڑہ منڈی لاہور ۱۹۴۹ء میں ایک صاجزادہ پیدا ہوئے۔ جن کا نام احسان اللہ رکھا جو آگے چل کر مولانا قاری احسان اللہ کے نام سے جانے پہچانے گئے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم سے نویں جماعت تک کی تعلیم شیرانوالہ ہائی سکول لاہور میں حاصل کی۔ مولانا سمندخان لاہور بلال پارک باغبان پورہ میں پڑھاتے تھے۔ مولانا قاری احسان اللہ نے مدرسہ مصباح العلوم دوموریہ پل لاہور قاری شفاعت احمد فاضل دارالعلوم دیوبند سے ۱۳ ماہ میں قرآن مجید حفظ کیا۔ تجوید قاری فضل ربی مانسہرہ والوں سے پڑھی۔ جامعہ مدنیہ لاہور، دارالعلوم فرقانیہ راولپنڈی، مدرسہ انوارالعلوم پنڈی میں بھی درس نظامی کے مختلف درجات مکمل کئے۔

شعبان ۱۳۹۶ء (اگست ۱۹۷۶ء) میں دارالعلوم تعلیم القرآن راجہ بازار راولپنڈی سے دورہ حدیث شریف کیا اور پھر یہیں اسی جامعہ میں تخصص فی الفقہ والافتاء کا یک سالہ کورس مکمل کر کے ۱۰ رجب المرجب ۱۳۹۷ھ (۲۷ جون ۱۹۷۷ء) میں افتاء سے فراغت حاصل کی۔ آپ ذہین وفطین تھے۔ تمام درجات میں اعلیٰ نمبروں سے پاس ہوتے رہے۔ تخصص میں بھی درجہ علیا میں پاس ہوئے۔ حضرت شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان اور مولانا مفتی عبدالرشید صاحب کے دستخطوں سے سند جاری ہوئی۔ فراغت کے بعد سپر مارکیٹ مکی مسجد میں پیر سیف اللہ خالد کے ساتھ کام کرتے رہے۔ اسلام آباد فیصل مسجد روڈ پر پاکستان بننے سے قبل ایک گاؤں گیدڑ کوٹھ تھا۔ اس گاؤں کی مسجد تھی جسے چھوٹی مسجد کے نام سے یاد کیا جاتا تھا۔ اسلام آباد بنا، نئی ڈویلپمنٹ میں گاؤں کی آبادی تو اٹھادی گئی۔ البتہ دوشاہراہوں کے درمیان وہ قدیم چھوٹی مسجد رہنے دی گئی۔ پھر مسجد بلال کی بجائے اساتذہ نے آپ کو اس مسجد کو آباد کرنے کی ڈیوٹی لگائی۔ آپ اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان سے یہاں تشریف لائے۔ پانچ وقت کی نمازیں، حفظ وناظرہ کی کلاس کا آغاز کردیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے قرآن مجید کی تعلیم کی برکتوں میں رنگ وروپ کا ایسا نکھار آیا کہ چہار جانب قرآن مجید کی صداؤں کا موسم بہار شروع ہوگیا۔ نامعلوم اسلام آباد کی تعمیر میں کتنی مسجدوں کو اجاڑا گیا۔ لیکن مولانا قاری احسان اللہ نے یہاں پر ایسا سماں قائم کیا۔ جمعہ پر بھرپور حاضری ہونے لگی۔ آپ حق کی للکار تھے۔ بہادر، وجفاکش، مخلص ونڈر عالم دین ہونے کے ناتے آپ نے اپنا حلقہ بنالیا۔

جمعیت علماء اسلام اسلام آباد کے بانی حضرات میں آپ کا شمار ہوتا تھا۔ اسلام آباد جمعیت کے امیر سرپرست اعلیٰ کے عہدوں پر فائز رہے۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے ہر اہم کام وموڑ پر آپ صف اوّل میں ہوتے تھے۔ تحریک ختم نبوت میں علماء اسلام آباد وراولپنڈی کے ساتھ گرفتار ہوئے۔ اس زمانہ میں آج کے وفاقی وزیر داخلہ جناب شیخ رشید احمد بھی آپ کے جیل کے ساتھی ہیں۔ جناب جنرل ضیاء الحق صاحب کے زمانہ میں اسلام آباد فیصل مسجد کی دوشاہراؤں کے درمیان اس مسجد کو گرانے کے آرڈر آگئے۔ اتفاق سے جنرل ضیاء الحق بھی آتے جاتے مسجد میں رکے اور حکم دیا کہ مسجد کو گرا دیا جائے۔ قاری احسان اللہ صاحب موقعہ پر موجود تھے۔ سنا ان سنا برابر کر دیا۔ ضیاء صاحب آرڈر دے کر جانے لگے تو نمازیوں نے قاری صاحب سے عرض کیا کہ ضیاء صاحب نرم دل انسان ہیں۔ آپ انہیں کہیں گے تو وہ مان جائیں گے۔ آپ چلیں ان کے گاڑی پر سوار ہونے سے پہلے ان کو دوبارہ مل کر اپیل کریں۔ قاری صاحب نے کہا کہ اگر اللہ رب العزت کو اس مسجد کا رکھنا منظور ہے تو کسی کا باپ بھی مسجد کو نہیں گرا سکتا اور اگر اللہ تعالیٰ کو اس کا گرانا منظور ہے تو میں کسی جنرل کی منت کر کے خفت حاصل نہیں کرنا چاہتا۔

نہ معلوم قاری احسان اللہ صاحب کے اس قول کو حق تعالیٰ نے کس شان سے قبول فرمایا کہ نوٹسوں کے باجود مسجد نہ گرائی گئی۔ ہاں اللہ تعالیٰ نے یہ کرم ضرور فرمایا کہ اس دوران سی.ڈی.اے کے چیئرمین نے نئے سرے سے مسجد کی حدود وسیع کر کے پکی الاٹ منٹ کرنے کا پروانہ جاری کر دیا۔ قاری صاحب نے اللہ رب العزت کا نام لے کر ۸۷-۱۹۸۶ء مسجد قاسمیہ، مدرسہ حقانیہ مدنیہ کی تعمیر شروع کر دی۔ حق تعالیٰ نے کرم کا معاملہ کیا۔ آج اسلام آباد کی سب سے کھلی سڑک فیصل مسجد روڈ پر دوسڑکوں کے درمیان آسمانوں کی بلندیوں کو چھوتی ہوئی مسجد ومدرسہ قائم ہیں۔ اسے گرانے کا حکم کرنے والے کا جنازہ بھی یہاں سے گزرا۔ جمعہ کا دن تھا جنرل صاحب کا یہاں سے جنازہ گزرا، حضرت قاری صاحب نے جمعہ پر یہ واقعہ بیان کیا تو العظمۃ للہ کے نعروں اور اللہ اکبر کی صداؤں سے مسجد ومدرسہ کے درودیوار گونج اٹھے۔ آج حفظ وقرأت کی کلاسوں کے ساتھ درجہ خامسہ تک درس نظامی کے درجات میں بھی تعلیم جاری ہے، رہے نام اللہ کا۔

مئی ۱۹۸۲ء کی آخری رات مسجد دارالسلام اسلام آباد میں ختم نبوت کانفرنس تھی۔ بہت سارے علماء کرام نے بیان کئے۔ حضرت مولانا خواجہ خان محمدؒ کی صدارت تھی، قاری احسان اللہ صاحب نے حضرت خواجہ خان محمدؒ سے درخواست کی کہ قادیانی گرو اور لاٹ پادری مرزا ناصر میری مسجد کے محراب کی جانب سڑک کے پار اپنے گیسٹ ہاؤس میں ٹھہرا ہوا ہے۔ آپ کل وہاں ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد کی اجازت دے دیں تو میری مسجد کے اسپیکروں کی آواز سے مرزا ناصر کو پیغام حق پہنچایا جا سکتا ہے۔ حضرت قبلہؒ نے منظوری

دے دی۔ دارالسلام کی کانفرنس کے اختتام پر مسجد قاسمیہ فیصل مسجد روڈ ایف ۸/۳ سیکٹر میں ختم نبوت کانفرنس کرنے کا اعلان کر دیا گیا۔ اگلے روز یکم جون ۱۹۸۲ء بعد از مغرب کانفرنس کا آغاز ہوا۔ جناب راجہ ظفرالحق، مولانا عبدالشکور دین پوری، مولانا محمد لقمان علی پوری، قاری محمد امین، مولانا عبدالرؤف جتوئی، سید امین گیلانی، مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی کے بیانات ہوئے۔ فقیر راقم نے بھی گزارشات پیش کیں۔ اس پوری تقریر کو ''حقائق بولتے ہیں'' کے نام سے پمفلٹ کی شکل میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت مانسہرہ کے جناب عبدالرؤف مرحوم نے شائع کیا۔ تقریر کا ایک اقتباس ملاحظہ ہو۔ ''سوچئے! ٹھنڈے دل کے ساتھ سوچئے کہ کب تک آپ (مرزا ناصر) قتل کراتے رہیں گے؟ آپ نے وہاں ایک سبزی فروش محمد علی کو ربوہ کے اندر قتل نہیں کرایا؟ ایک کشمیری لڑکی کو آپ کے صاحبزادے اغواء کر کے نہیں لے گئے تھے؟ بعد میں جس کے ساتھ نکاح کیا۔ آپ کے بیٹے فرید احمد نے ربوہ کے لوگوں سے ویزوں کے لئے لاکھوں روپے لے کر فراڈ نہیں کیا۔ سوچئے! ان باتوں کو ٹھنڈے دل کے ساتھ سوچئے اور آج میں آپ سے کہنا چاہتا ہوں کہ آج کی ہماری اس گفتگو کو ٹھنڈے دل کے ساتھ سوچو۔ میں قدرت کی طرف سے تمہیں وارننگ دینے کے لئے آیا ہوں۔ میں عرش الٰہی پہ لکھا ہوا دیکھ رہا ہوں کہ رب کعبہ کی قسم! اب تمہاری موت کے دن قریب آچکے ہیں۔'' (حقائق بولتے ہیں ص ۱۶، خطبات شاہین ختم نبوت ج ا ص ۲۰۲)

اللہ رب العزت کا کرنا یہ ہوا کہ تقریر کے دوران ہی مرزا ناصر پر دل کا دورہ پڑا اور اسی سے چند دنوں بعد وہ آنجہانی ہوگیا۔ کانفرنس کے بعد بعض مقررین گرفتار کر لئے گئے۔ بعد میں ان کی ضمانتیں ہوئیں۔ کیس چلتا رہا۔ بعد میں سب بری ہوگئے۔ کفر ہار گیا، اسلام جیت گیا۔ اس معرکہ کا سبب بھی حضرت مولانا قاری احسان اللہ بنے۔ آپ انتہائی منکسر المزاج تھے۔ جس جلسہ میں جاتے سامعین میں بیٹھ کر شرکت کر کے آجاتے۔ نام ونمود سے کوسوں دور تھے۔ لیکن حق بات کہنے میں تیغ براں تھے۔ مولانا قاضی احسان احمد مرکزی مبلغ ختم نبوت کراچی کی روایت ہے کہ قاری احسان اللہ صاحب کی مجلس ختم نبوت سے محبتوں کا یہ عالم تھا کہ جمعہ کو ان کا بیان شروع ہوتا لیکن مجھ پر نظر پڑ جاتی تو اپنا بیان روک کر میرا اعلان کر دیتے۔ عمرہ وحج کے لئے جانا ہوتا تو جمعہ وعید کا نظم مولانا قاضی احسان احمد کے سپرد کر جاتے۔ کچھ عرصہ قبل ان کی عیادت کے لئے فقیر راقم کا اسلام آباد جانا ہوا۔ دیکھ کر ان کے چہرہ پر مسرتوں کی رونقوں کا ابر چھا جوں برسنے لگا۔ شوگر کے مریض تھے۔ اتار چڑھاؤ طبیعت کا جاری رہا۔ آخر جان کی بازی ہار گئے۔ ۱۹/ مارچ ۲۰۲۱ء کو صبح انتقال ہوا۔ عصر کے بعد جنازہ ہوا۔ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن صاحب کے حکم پر آپ کے صاحبزادہ ڈاکٹر مولانا امداد اللہ نے جنازہ کی امامت کی اور یوں تاریخ کا ایک سنہری باب بند ہوگیا۔ حق تعالیٰ مرحوم کی بال بال مغفرت فرمائیں۔

مولانا احسان اللہ فاروقی کا وصال

۳۰؍مارچ ۲۰۲۱ء کو وڈالہ سندھواں ضلع سیالکوٹ میں مولانا احسان اللہ فاروقی وصال فرما گئے۔

انّا للّٰہ وانّا الیہ راجعون! بستی لاشاری نزد کھڈ بزدار تحصیل تونسہ ضلع ڈیرہ غازی خان جناب غلام شبیر صاحب کے ہاں آپ ۱۹۸۶ء میں پیدا ہوئے۔

مولانا سید عبدالمجید ندیم مرحوم کے والد گرامی جناب سید غلام سرور نے آذان اور تحنیک کی سنت ادا کی۔ حافظ عبدالکریم کے ہاں ناظرہ قرآن مجید اور گاؤں کے پرائمری سکول سے تعلیم حاصل کی۔ پرائمری پاس کرنے کے بعد مدرسہ صالحیہ نعمانیہ ڈیرہ اسماعیل خان، کوٹ ادو بستی گٹ والا، لدھانہ ضلع لیہ، رنگوتا جک چھچھ حضرو میں بھی پڑھتے رہے۔ مولانا محمد ضیاء القاسمی کی ختم نبوت اکیڈمی فیصل آباد اور تنظیم اہل سنت کے مرکزی دفتر ملتان میں سے مناظرہ کی بھی تربیت حاصل کی۔ دورہ حدیث شریف کے بارے میں معلوم نہ ہوا کہ کہاں سے کیا یا نہیں کیا۔ حضرو اٹک کے بعد بلوچستان وہاں سے چوٹی زریں ضلع ڈیرہ غازی خان وہاں سے وڈالہ سندھواں تحصیل ڈسکہ سیالکوٹ آ گئے۔ یہاں مین بازار کی مسجد میں خطبہ جمعہ سے اپنی تبلیغی سرگرمیوں کا آغاز کیا۔ مین روڈ پر مسجد و مدرسہ مرکز فاروق اعظم کے نام پر دیدہ زیب تعمیر کئے۔ جن میں معیاری تعلیم کا بندوبست کیا۔ بارہا قید و بند کی صعوبتوں کو برداشت کیا۔ کئی کتابیں تحریر کیں۔ بہت کامیاب بھرپور اور متحرک شخصیت تھے۔ بات سمجھانے کا گر آتا تھا۔ کامیاب زندگی گزاری۔ عقیدہ ختم نبوت وتحفظ ناموس صحابہ کے فرزانے تھے۔ کچھ عرصہ بیمار رہ کر حق تعالیٰ کو پیارے ہو گئے۔ حق تعالیٰ بال بال مغفرت فرمائیں۔ آمین!

مولانا سید محبوب الرحمٰن شاہ کا وصال

۱۹۵۴ء میں چکی تحصیل پنڈی گھیپ ضلع اٹک کے سید جہان صاحب کے ہاں سید محبوب الرحمٰن شاہ پیدا ہوئے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے علاقہ سے حاصل کی۔ دورہ حدیث شریف جامعہ مدنیہ کریم پارک لاہور سے کیا۔ حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا کے خلیفہ مجاز حضرت حافظ صغیر احمد سے آپ کا بیعت کا تعلق تھا۔ فراغت کے بعد مرکزی جامع مسجد دلی روڈ صدر بازار کینٹ لاہور میں امامت وخطابت سے اپنی عملی زندگی کا آغاز کیا۔

۱۹۸۴ء میں نادر آباد میں مسجد عثمانیہ کے لئے جگہ خرید کی۔ ۱۹۹۲ء میں اس پر مسجد، مدرسہ اور خانقاہ کی تعمیر کا آغاز کیا، ۱۹۹۸ء میں اس کی تعمیرات سے فارغ ہوئے۔ مسجد میں امامت وخطابت، درس وتدریس

کا سلسلہ قائم کیا۔ خانقاہ شریف میں لوگ دم کرانے اور تعویذ لینے کے لئے آتے۔ ہزاروں ہزار خلق خدا کی خدمت کا فریضہ سرانجام دیا۔ آپ مجلس ختم نبوت کے عہدیدار رہے۔ خوب درویش صفت، معاملہ فہم انسان تھے۔ گزشتہ کچھ عرصہ سے سانس کی تکلیف تھی۔ ۷ر فروری ۲۰۲۱ء کو خالق حقیقی سے جا ملے۔ حق تعالیٰ جنت میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائیں۔

مولانا مفتی محمد عثمان کا وصال

۸ر مارچ ۲۰۲۱ء کی شام چیچہ وطنی میں معروف عالم دین مولانا مفتی محمد عثمان صاحب وصال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! جناب چوہدری غلام نبی ارائیں ساکن خان دا چک برلب راوی تحصیل کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کو حق تعالیٰ نے ۱۹۷۱ء میں صاحبزادہ دیا جن کا نام محمد عثمان تجویز ہوا۔ آپ نے ابتدائی تعلیم درس پیر جی چیچہ وطنی میں حاصل کی۔ پھر حضرت مولانا مفتی زرولی خان کے ہاں دورہ حدیث شریف کے لئے جامعہ احسن العلوم کراچی تشریف لے گئے۔ ۱۹۵۳ء میں فراغت کے حاصل کی۔ اگلے سال ۱۹۹۴ء میں جامعہ اسلامیہ کلفٹن سے افتاء کا کورس کیا۔ اس دوران دو سال مسجد ابوبکر کلفٹن میں خطابت وتدریس کے فرائض انجام دیتے۔

۱۹۹۶ء میں آپ نے چیچہ وطنی تشریف لاکر اپنی سرگرمیوں کا آغاز کیا۔ جامعۃ الشیخ زکریا گلبرگ کالونی میں بنات کا مدرسہ قائم کیا۔ اس وقت وہاں پر دورہ حدیث کی تعلیم ہوتی ہے۔ ۱۹۹۸ء میں جمعیت علماء اسلام کے پلیٹ فارم سے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز کیا۔ مقامی، ضلعی اور پھر صوبائی عہدوں پر فائز رہے۔ خوب نظریاتی انسان تھے۔ بڑی استقامت کے ساتھ جمعیت علماء اسلام کے کاموں میں جرأت مندانہ حصہ لیا۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے تمام پروگراموں میں دیوانہ وار شریک ہوتے۔ اس کی کامرانیوں کو دیکھ کر باغ باغ ہوجاتے۔ ختم نبوت کانفرنس چناب نگر میں شرکت کو اپنے پر لازمی قرار دے رکھا تھا۔ قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب آپ کے آئیڈیل تھے۔ بہت ہی محبت واخلاص کے ساتھ جمعیت علماء اسلام کی خون جگر سے آبیاری کرتے رہے۔

گزشتہ کچھ عرصہ سے جگر کے مرض میں مبتلا ہوئے علاج ہونا، افاقہ ہوجانا، تکلیف کا عود کرنا۔ ان مراحل سے گزرتے رہے۔ آپ نے معمولات کو بھی جاری رکھا۔ کاغذات بنوائے تھے۔ بھارت جاکر جگر تبدیل کرانا چاہتے تھے، تمام تر قانونی مراحل طے ہوگئے کہ اجل نے آن لیا۔ ادھر جانے کی بجائے ابدی سفر آخرت پر روانہ ہوگئے۔ ۸ر مارچ ۲۰۲۱ء شام کو وصال ہوا۔ اگلے دن حضرت مولانا مفتی محمد انور

اوکاڑوی نے جنازہ پڑھایا۔ چیچہ وطنی کے اسٹیڈیم میں جنازہ ہوا۔حق تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائیں۔ آمین بحرمۃ النبی الکریم!

مولانا محمد وسیم اسلم کے والد الحاج محمد اسلم کہروڑپکا کا وصال

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ملتان کے مبلغ اور مرکزی ختم نبوت لائبریری ملتان کے مسئول مولانا وسیم اسلم کے والدگرامی جناب الحاج محمد اسلم کہروڑپکا بقضائے الٰہی ۴/اپریل ۲۰۲۱ء کوانتقال کر گئے۔انا ﷲ وانا الیہ راجعون !آپ گزشتہ کچھ دنوں سے علیل تھے۔اگلے دن جامعہ باب العلوم کہروڑپکا میں جامعہ کے شیخ الحدیث حضرت مولانا منیر احمد منورکی امامت میں جنازہ ہوااورآبائی قبرستان میں مدفون ہوئے۔جنازہ میں مجلس تحفظ ختم نبوت مرکز کی نمائندگی جناب حافظ محمد انس، جناب عزیزالرحمٰن رحمانی، جناب حافظ یوسف ہارون جالندھری، مولانا عتیق الرحمٰن، مولانا محمد امین نے کی۔ ادارہ لولاک مرحوم کے جملہ پسماندگان بالخصوص اپنے رفیق مولانا وسیم اسلم صاحب سے گہرے دکھ وصدمہ کا اظہار کرتے ہوئے دعاگو ہے کہ حق تعالیٰ مرحوم کی بال بال مغفرت فرمائیں۔جملہ قارئین سے بھی ایصال ثواب کی درخواست ہے۔(ادارہ)

ایک سوال کا جواب

علامہ شبلنجیؒ نے اپنی کتاب نورالابصار میں ایک واقعہ تحریر کیا ہے جو سیدنا حضرت حسنؓ کے علمی مقام،فہم وفراست اورنکتہ آفرینی کی استعداد کا ترجمان ہے۔لکھتے ہیں کہ: شبیہ رسول سیدنا حسن مجتبیٰؓ نہادھو کر عمدہ لباس پہنے مدینہ کے بازار سے گزر رہے تھے کہ ایک خستہ حال یہودی نہایت گھٹیا پھٹے پرانے لباس میں ملا۔ازلی ذلت ومسکنت اورغربت نے اسے بے حال کررکھا تھا۔اس نے اپنی پشت پر پانی کا مشکیزہ اٹھا رکھا تھا۔اس نے حضرت سیدنا حسنؓ کواپنے شاہانہ انداز میں دیکھا تو اپنے بغض کا اظہار کئے بغیر نہ رہ سکا۔استفسار کی:اے نواسہ رسول !رکیے میں آپ سے کچھ پوچھنا چاہتا ہوں۔آپ کے جدامجد(حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ) کا فرمان ہے کہ دنیا مؤمن کے لئے قید خانہ اورکافر کے لئے جنت ہے۔لیکن بظاہر اس کے برعکس نظر آتا ہے کہ میں مؤمن نہیں لیکن دنیا میرے لئے بہت تکلیف دہ اورقیدخانے کی مانند ہے جب کہ آپ مؤمن ہیں اور وہ آپ کے لئے جنت ہے۔آپ نے جواباً اس یہودی کو فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے جونعمتیں آخرت میں تیار کررکھی ہیں تو اگر دیکھ لے تو بے ساختہ کہہ اٹھے کہ واقعتاً دنیا آپ کے لئے قید خانہ ہےاورکافروں کے لئے جوعذاب تیارکیا گیا ہے اگرتو اسے دیکھ لے تو بے اختیار پکار اٹھے کہ دنیا واقعی کافروں کے لئے جنت ہے۔(ریحانۃ النبی ﷺ ص۸۶،۸۷)

تقریر پیر بخش سیکرٹری سالانہ جلسہ قادیان منعقدہ جون ۱۹۲۵ء

الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ

وخیر خلقہ محمد والہٖ واصحابہ اجمعین!

ہے سب سے پہلے حمد خدائے کریم کا ۔۔۔ بے مثل وبے مثال غفور رحیم کا
ایک امر کن سے پیدا کیا کائنات کو ۔۔۔ باطل خیال کردیا مادے قدیم کا
مادے کے پیدا ہونے کو پھر مادہ چاہئے ۔۔۔ باطل ہے فلسفہ سے تسلسل حکیم کا
صلوات بے شمار رسول کریم پر ۔۔۔ قطعی یہ فیصلہ ہے قرآن کریم کا
ہرگز نہ ہوگا کوئی نبی بعد آپ کے ۔۔۔ جوڑا کبھی نہیں ہوا درّ یتیم کا

حضرات! تاریخ اسلام بتا رہی ہے کہ حضرت اکمل البشر وافضل الرسل حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے بعد بھی مدعیان نبوت ورسالت کاذبہ ہر ایک زمانہ ہوتے آئے ہیں۔ چنانچہ یہ سلسلہ حضور ﷺ کی زندگی میں ہی شروع ہوگیا تھا اور اسود عنسی ومسیلمہ کذاب آپ کی موجودگی میں ہی مدعی نبوت اور وحی والہام ہوئے۔

اول: اسود عنسی ہے جو پہلے مسلمان تھا، حج کے بعد مدعی نبوت ہوا اور آپ ﷺ کے حکم سے وہ اور اس کے پیرو سب کے سب مرتد قرار دیئے گئے اور حضور ﷺ کے فرمان واجب التسلیم سے نابود کئے گئے۔

دوم: مسیلمہ کذاب تھا۔ یہ کہتا تھا کہ میں ایسا نبی ہوں جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ حضرت ہارون علیہ السلام تھے۔ یعنی غیر تشریعی نبی اور میرا دعویٰ نبوت حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے ماتحت ہے۔ میں کوئی اپنی جدید شریعت نہیں لایا۔ قرآن شریف اور محمد ﷺ کے تابع ہوں۔ اس کاذب کو بھی حضور ﷺ نے جماعت مؤمنین سے خارج فرماکر اس کے ساتھ جدال وقتال کا حکم صادر فرمایا۔ چنانچہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد خلافت میں اس کاذب کا خاتمہ ہوا۔

سوم: طلیحہ بن خویلد۔ یہ شخص کہتا تھا کہ جبرئیل میرے پاس وحی لاتا ہے۔

چہارم: لا۔ یہ شخص علاوہ قرآن شریف کے حدیثوں کو بھی مانتا تھا۔ مگر الٹے معنی کرکے اپنی نبوت کا بھی مدعی تھا اور کہتا تھا کہ ’’لا نبی بعدی‘‘ کے یہ معنی نہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں۔ بلکہ اس کے صحیح معنی یہ ہیں کہ میرے بعد ایک شخص نبی ہوگا، جس کا نام ’’لا‘‘ ہوگا۔

پنجم: مختار ثقفی۔ یہ شخص بھی کہتا تھا کہ میں صرف حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا مختار ہوں۔ اس کا دعویٰ تھا کہ خداتعالیٰ مجھ میں حلول کئے ہوئے ہے اور کہتا تھا کہ جبرئیل میرے پاس آتے ہیں اور غیب کی خبریں لاتے ہیں۔

الغرض تیراں سو برس سے یہ سلسلہ کذابوں مدعیان نبوت ورسالت آج تک بھی جاری ہے۔ چنانچہ آج کل مرزاغلام احمد قادیانی مدعی نبوت ورسالت ومسیحیت ومہدویت وکرشنیت وغیرہ ہیں۔ جن کے اقوال ذیل میں درج کئے جاتے ہیں تاکہ معلوم ہو کہ یہ جولاہوری جماعت کہتی ہے کہ ”مرزاقادیانی کا دعویٰ نبوت ورسالت کا نہ تھا۔“ غلطی پر ہے۔

قول مرزاقادیانی (۱):

آنچہ من بشنوم ز وحی خدا	بخدا پاک دانمش ز خطا
ہمچو قرآن منزہ اش دانم	از خطاہا ہمیں است ایمانم

(نزول المسیح ص۹۹، خزائن ج۱۸ص۴۷۷)

۲...... ”میں خدا کے فضل سے نبی ورسول ہوں۔“ (اخبار بدر مارچ ۱۹۰۰)

۳...... ”خدا نے میری وحی اور میری تعلیم اور میری بیعت کو کشتی نوح قرار دیا اور تمام انسانوں کے لئے مدار نجات ٹھہرایا۔“ (اربعین۴ص۶ حاشیہ خزائن ج۱۷ص۴۳۵)

۴...... ”جس نے اپنی وحی کے ذریعہ چند امر ونہی بیان کئے اور اپنی امت کے لئے ایک قانون مقرر کیا وہی صاحب شریعت ہوگا۔ میری وحی میں امر بھی ہوتے ہیں اور نہی بھی۔“

(اربعین نمبر۴ص۶، خزائن ج۱۷ص۴۳۵)

۵...... ”الہامات میں میری نسبت بار بار بیان کیا گیا ہے کہ یہ خدا کا فرستادہ، خدا کا مامور، خدا کا امین اور خدا کی طرف سے آیا ہے۔ جو کچھ کہتا ہے اس پر ایمان لاؤ اور اس کا دشمن جہنمی ہے۔“

(انجام آتھم ص۶۲ حاشیہ، خزائن ج۱۱ص۶۲)

اس تحریر سے ثابت ہے کہ مرزاقادیانی اپنے الہامات کو حجت شرعی یقین کرتے تھے۔ حالانکہ اس پر اجماع امت ہے کہ الہام امتی کا موجب علم ظنی ہے اور شرعی حجت نہیں۔ ارشاد الطالبین میں قاضی ثناءاللہ صاحب پانی پتیؒ فرماتے ہیں: ”الہام اولیاء موجب علم ظنی ہے اور اگر دو ولیوں کا کسی ایک الہام میں اتفاق کلی ہو جاوے تو اس کا درجہ ظن غالب کا ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر ولی کا کشف اور الہام کسی حدیث کے جو احاد میں سے ہو بلکہ قیاس کے جو شرائط قیاس کا جامع ہو، مخالف ہوگا۔ تب اس جگہ حدیث کو بلکہ قیاس کو ترجیح دینی چاہئے۔“ اس کے بعد قاضی صاحب لکھتے ہیں کہ: ”یہ مسئلہ سلف وخلف میں مجمع ہے۔ حضرت عمرؓ الہام پر عمل نہ کرتے۔ جب تک اس کی تصدیق قرآن سے نہ کر لیتے۔“ مگر افسوس کہ مرزاقادیانی کو صریح قرآن شریف کے برخلاف الہامات ہوتے ہیں۔ ان کے مقابلہ میں قرآن شریف واحادیث واجماع امت چھوڑ کر اپنے الہام پر عمل کرتے ہیں اور نبی ورسول بنتے ہیں اور اپنے منکر کو جہنمی قرار دیتے ہیں۔

۶...... ’’سچا خدا ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔‘‘ (دافع البلاء ص۱۱، خزائن ج۱۸ ص۲۳۱)

۷...... ’’خدا وہی ہے جس نے اپنے رسول یعنی اس عاجز کو ہدایت اور دین حق اور تہذیب اخلاق کے ساتھ بھیجا۔‘‘ (اربعین نمبر۳ ص۳۶، خزائن ج۱۷ ص۴۲۶)

۸...... ’’مجھ کو اپنی وحی پر ایسا ہی ایمان ہے جیسا کہ توریت اور انجیل اور قرآن پر۔‘‘

(اربعین نمبر۴ ص۱۹، خزائن ج۱۷ ص۴۵۴)

۹...... ’’میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں ان الہامات پر اسی طرح ایمان لاتا ہوں جس طرح کہ قرآن شریف پر اور خدا کی دوسری کتابوں پر اور جس طرح میں قرآن شریف کو یقینی اور قطعی طور پر خدا کا کلام جانتا ہوں، اسی طرح اس کلام کو بھی جو میرے پر نازل ہوتا ہے۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۲۱۱، خزائن ج۲۲ ص۲۲۰)

افسوس! مرزا قادیانی ایک طرف تو لکھتے ہیں کہ ’’رسول کو علم دین بتوسط جبرئیل ملتا ہے اور باب نزول جبرئیل بہ پیرایہ وحی رسالت مسدود ہے۔‘‘ (ازالہ اوہام حصہ۲ ص۷۶۱، خزائن ج۳ ص۵۱۱)

اور دوسری طرف اپنے پر نازل ہونے والی نام نہاد وحی پر قرآن شریف اور دوسری کتابوں جیسا ایمان لاتے ہیں۔ ان کی کون سی بات درست ہے اور کون سی غلط ہے۔

۱۰...... ’’جس قدر مجھ سے پہلے اولیا اور ابدال اور اقطاب اس امت میں گزر چکے ہیں ان کو یہ حصہ کثیر اس نعمت کا نہیں دیا گیا۔ پس اس وجہ سے نبی کا نام پانے کے لئے میں ہی مخصوص کیا گیا۔‘‘

(حقیقت الوحی ص۳۹۱، خزائن ج۲۲ ص۴۰۶)

۱۱......

آنچہ داد است ہر نبی را جام داد آں جام را مرا بتمام

(نزول المسیح ص۹۹، خزائن ج۱۸ ص۴۷۷)

یعنی نعمت نبوت کا جام جو ہر ایک نبی کو دیا گیا ہے ان سب کا مجموعہ مجھ اکیلے کو دیا گیا ہے۔ یہاں افضل الرسل ہونے کا دعویٰ ہے۔

۱۲...... ’’جو میرے لئے نشان ظاہر ہوئے وہ تین لاکھ سے بھی زیادہ ہیں۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۶۷، خزائن ج۲۲ ص۷۰) مگر حضرت افضل الانبیاء خاتم النّبیین محمد مصطفیٰ ﷺ کی نسبت لکھتے ہیں: ’’تین ہزار معجزے ہمارے نبی کریم ﷺ سے ظہور میں آئے۔‘‘ (تحفہ گولڑویہ ص۴۰، خزائن ج۱۷ ص۱۵۳)

یہاں مرزا قادیانی کا محمد ﷺ سے افضل ہونے کا دعویٰ ہے۔ جب مرزا قادیانی کے نشان تین لاکھ سے زیادہ ہوئے اور حضرت محمد ﷺ کے صرف تین ہزار تو ثابت ہوا کہ جو فرق ہزار اور لاکھ میں ہے وہی فرق مرزا قادیانی اور محمد ﷺ میں ہے۔ (لاحول ولا قوّۃ الّا باللّٰہ العلیّ العظیم)

پھر لکھتے ہیں ’’محمد ﷺ کے واسطے صرف چاند کا گہن ہوا تھا اور میرے واسطے چاند اور سورج دونوں کا، کیا اب بھی (میرے مرتبہ سے اے مخاطب) انکار کرے گا۔‘‘ (اعجاز احمدی ص۷۰، خزائن ج۱۹ ص۱۸۳)

پھر لکھتے ہیں کہ ’’حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو مسیح موعود، دجال، دابۃ الارض، یاجوج ماجوج وطلوع شمس من المغرب کی حقیقت سے آپ کو اطلاع نہ دی گئی تھی۔ مجھ کو صحیح طور پر اطلاع دی گئی ہے۔‘‘ بطور اختصار۔ مفصل دیکھنا ہو تو ملاحظہ ہو (ازالہ اوہام حصہ دوم ص ۵۰۷ سے ۵۱۷)

دراصل مرزا قادیانی اپنے الہاموں اور کشفوں پر دھوکا خوردہ تھے۔ جیسا کہ پہلے مدعیان تھے۔ مرزا قادیانی اپنے دعویٰ کی دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ ’’چونکہ میں مسیح موعود ہوں اس واسطے نبی ورسول بھی ہوں۔‘‘ مرزا قادیانی پر اعتراض ہوا مسیح موعود تو عیسیٰ ابن مریم ہے تو مرزا قادیانی نے جواب دیا کہ ’’ابن مریم بھی میں ہی ہوں۔‘‘ اور اپنی کتاب کشتی نوح میں لکھا کہ ’’مریم کی طرح عیسیٰ کی روح مجھ میں نفخ کی گئی اور استعارہ کے رنگ میں مجھ حاملہ ٹھہرایا گیا اور آخر کئی مہینہ کے بعد جو دس مہینہ سے زیادہ نہیں بذریعہ اس الہام سب کے اخیر براہین احمدیہ کے حصہ چہارم (ص ۵۵۶) میں درج ہے، مجھے مریم سے عیسیٰ بنایا گیا۔ پس اس طور سے میں ابن مریم ٹھہرا۔‘‘ (کشتی نوح ص ۴۷، خزائن ج۱۹ ص ۵۱)

مرزا قادیانی کی اس طبع زاد دلیل سے تو مرزا قادیانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی اماں ثابت ہوتے ہیں۔ (معاذ اللہ)

اول الہام مرزا قادیانی ’’یامریم اسکن انت وزوجک الجنۃ ‘‘ اے مریم تو اور تیرا دوست بہشت میں رہو۔‘‘ اس الہام سے مرزا قادیانی مریم بنائے گئے اور مریم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ماں کا نام تھا۔

دوسرا الہام ’’یریدون ان یروطمثک ‘‘ بابو الٰہی بخش چاہتا ہے کہ تیرا حیض دیکھے، مگر وہ حیض نہیں، اب بچہ ہوگیا ہے اور ایسا بچہ جو بمنزلہ اطفال اللہ ہے۔‘‘ (تتمہ حقیقت الوحی ص ۱۴۳، خزائن ج ۲۲ ص ۵۸۱)

اس الہام سے بھی مرزا قادیانی حضرت مسیح علیہ السلام کی والدہ ثابت ہوئے نہ کہ ابن مریم۔

تیسرا ایک کشف ہے جس کو مرزا قادیانی کے ایک خاص مرید نے بیان کیا ہے وہ یہ ہے: ’’مسیح موعود علیہ السلام نے ایک موقعہ پر اپنی حالت ظاہر فرمائی ہے کہ کشف کی حالت آپ پر اس طرح طاری ہوئی کہ گویا آپ عورت ہیں اور اللہ تعالیٰ نے رجولیت کی طاقت کا اظہار فرمایا تھا۔ سمجھنے والے کے واسطے اشارہ کافی ہے۔‘‘ (اسلامی قربانی نمبر ۳۴ ص ۱۲) جنوری ۱۹۲۰ء مصنفہ مولوی یار محمد صاحب وکیل نور پور کانگڑہ۔

ان الہاموں اور کشف سے معلوم ہوا کہ مرزا قادیانی پہلے مرد سے عورت یعنی مریم بنائے گئے۔ پھر ان کو حیض آیا۔ پھر خدا تعالیٰ نے طاقت رجولیت کا اظہار فرمایا اور وہ حیض حسب قانون فطرت بستہ ہو کر بچہ

بنا اور مرزا قادیانی حاملہ ہوئے اور پھر معیاد مقررہ کے بعد وضع حمل ہوا اور بچہ عیسیٰ جن کی روح مرزا قادیانی میں پھونکی گئی تھی، پیدا ہوئے۔ جس سے روز روشن کی طرح ثابت ہوا کہ مرزا قادیانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ماں تھے اور ابن مریم نہ تھے۔ مگر چونکہ آنے والا ابن مریم ہے۔ اس لئے مرزا قادیانی سچے مسیح موعود نہ ہوئے اور جب مسیح موعود نہ ہوئے تو سچے نبی ورسول بھی نہ ہوئے۔ کیونکہ ان کی دلیل یہ ہے کہ چونکہ میں مسیح موعود ہوں اس واسطے نبی ہوں۔ پھر مرزا قادیانی اسی کتاب کشتی نوح کے (ص ۴۷، خزائن ج ۱۹ ص ۵۱) میں لکھتے ہیں: ''پھر مریم کو جو مراد اس عاجز سے ہے دردزہ تنہ کھجور کی طرف لے آئی۔''

صاحبان کبھی سنا ہے کہ بچہ پہلے پیدا ہوا اور دردزہ بعد میں ہو۔ مگر چونکہ قادیانی فلسفہ اور حقائق ومعارف ودقائق الٹے ہوتے ہیں کہ تمام امت محمدیہ ان سے بے بہرہ ہے۔ اس لئے یہ جائز ہے کہ وضع حمل پہلے ہوا اور دردزہ بعد میں ہو۔ جس طرح مسیح قادیانی نازل پہلے ہوا اور منارہ جس پر نازل ہونا تھا وہ بعد میں بنوایا گیا۔ مرزا قادیانی حضرت مسیح کے رفع ونزول پر عقلی اعتراضات کر کے مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور احادیث رسول اللہ ﷺ پر تمسخر اڑاتے ہیں۔ اس لئے ہمارا بھی حق ہے کہ ہم بھی عقلی سوالات کریں۔ جن کے سمجھنے میں ہماری عقل عاجز ہے۔

سوال نمبر۱: مرزا قادیانی کو الہام ہوا کہ ''اے مریم تو اور تیرے دوست بہشت میں رہو۔'' خدا نے مرد کو عورت کر کے کیوں پکارا؟ کیا اس کو علم نہ تھا کہ مرزا قادیانی تو مرد ہیں اور ان کا نام غلام احمد ہے؟

سوال نمبر۲: مرزا قادیانی نے جو لکھا ہے کہ مریم کی طرح عیسیٰ کی روح مجھ میں نفخ کی گئی۔ کیا مرزا قادیانی کے پاس بھی وہ چیز تھی جس میں عیسیٰ علیہ السلام کی روح پھونکی گئی؟

سوال نمبر۳: مرزا قادیانی نے لکھا ہے کہ ''۹ دس ماہ کے بعد لڑکا پیدا ہوا'' وہ لڑکا کہاں ہے اور کس راستہ سے نکلا؟ صاحبان! اب میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ مرزا قادیانی نے بروزی نزول کا دعویٰ کیا ہے۔ یہ بھی کوئی انوکھا دعویٰ نہیں۔ مرزا قادیانی سے پہلے بھی بروزی رنگ میں فارس بن یحییٰ نے مصر میں دعویٰ عیسیٰ بن مریم ہونے کا کیا۔ کتاب المختار میں لکھا ہے کہ اس نے طلسم ودیگر تدابیر سے ایک مردہ بھی زندہ کیا اور بغیر علاج کے مریضوں کو بھی اچھا کرتا تھا۔

دوم: ہدیہ مہدویہ میں لکھا ہے کہ ابراہیم بزلہ نے عیسیٰ بن مریم ہونے کا دعویٰ کیا۔

سوم: شیخ محمد خراسانی نے بروزی رنگ میں عیسیٰ بن مریم ہونے کا دعویٰ کی۔ (ہدیہ مہدویہ ص ۱۶۱)

چہارم: مسٹر دارو نے لنڈن میں مسیح ابن مریم ہونے کا دعویٰ کیا۔ (عسل مصفی ص ۱۲۵)

بروزی رنگ میں نزول مسیح کا خیال بالکل غلط ہے۔ کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے خود اس کی تردید

فرمادی ہے۔(انجیل متی باب ۲۴ آیت ۳،۴،۵،۶)’’جب وہ زیتون کے پہاڑ پر بیٹھا تھا اس کے شاگردوں نے خلوت میں اس پاس آ کے کہا ہم سے کہو کہ یہ کب ہوگا اور تیرے آنے کا اور زمانے کے آخر ہونے کا نشان کیا ہے۔تب یسوع نے جواب میں ان سے کہا: خبردار! کوئی تمہیں گمراہ نہ کرے کیونکہ بہتیرے میرے نام پر آویں گے اور کہیں گے کہ میں مسیح ہوں اور بہتوں کو گمراہ کریں گے۔‘‘

انجیل کے اس مضمون کی تصدیق قران شریف نے فرمادی’’وانہ لعلم للساعۃ‘‘ سے اور احادیث نبی کریم ﷺ میں سے جن میں اصالتاً نزول آسمان سے فرمایا۔صرف ایک حدیث میں پیش کرتا ہوں:

’’کیف انتم اذا نزل ابن مریم من السمآء فیکم وامامکم منکم (رواہ البیھقی فی کتاب الاسماء والصفات) ‘‘یعنی کیا حالت ہوگی تمہاری جب ابن مریم تمہارے میں آسمان سے اتریں گے اور تمہارا امام مہدی علیہ السلام بھی تم میں موجود ہوگا۔اب روز روشن کی طرح ثابت ہوگیا کہ بروزی نزول کے سب مدعیان جھوٹے ہیں۔کیونکہ حضرت مسیح خود آویں گے۔انجیل میں صاف لکھا ہے کہ تیرے آنے کا یہ نہیں لکھا کہ تیرے بروز کے آنے کا اور زمانہ کے اخیر ہونے کا نشان کیا ہے۔

سب سے پکی بات تو یہ ہے کہ حضرت خلاصہ موجودات مخبر صادق محمد رسول اللہ ﷺ نے جو غلبہ اور نصرت اور خیر و برکت زمانہ نزول مسیح کی فرمائی ہیں وہ ان مدعیان میں نہیں پائی جاتیں۔نہ مرزا قادیانی سے پہلے مدعیان میں اور نہ مرزا قادیانی کے وقت۔اس لئے سب جھوٹے ہیں۔مرزا قادیانی نے خود لکھا ہے:

’’طالب حق کے لئے میں یہ بات پیش کرتا ہوں کہ میرا کام جس کے لئے میں اس میدان میں کھڑا ہوا ہوں، یہ ہے کہ میں عیسیٰ پرستی کے ستون کو توڑ دوں اور بجائے تثلیث کے توحید کو پھیلا دوں اور آنحضرت ﷺ کی جلالت اور شان دنیا پر ظاہر کردوں۔پس اگر مجھ سے کروڑ نشان بھی ظاہر ہوں اور یہ علت غائی ظہور میں نہ آئے تو میں جھوٹا ہوں.................الخ۔‘‘

(اخبار بدر ۱۹/جولائی ۱۹۰۲ء،مکتوبات احمدیہ ج ۶ حصہ اول ص ۱۲۲ اشوک پریس حیدرآباد دکن)

مرزا قادیانی نے مسیح کے کام بھی بتادیئے ہیں:

اول......عیسیٰ پرستی کے ستون کو توڑنا تھا۔مرزا قادیانی کے وقت عیسیٰ پرستی کے ستون کو وہ ترقی ہوئی کہ کبھی نہ ہوئی تھی۔اسلامی ممالک جن پر توحید کا جھنڈا لہراتا تھا،تثلیث کا لہرانے لگا۔بیت المقدس اسلامی حکومت سے نکل کر عیسائیوں یعنی صلیب پرستوں کے زیر حکومت چلی گئی۔عراق عرب کا ملک اور مقامات مقدسہ بھی رخصت ہوئے۔سوچنے والا یقین کرسکتا ہے کہ کسر صلیب کے عوض جب کسر خلافت اسلام ہوا اور بجائے غلبہ اسلام کے غلبہ صلیب ہوا تو مدعی ہرگز ہرگز سچا نہیں۔صوبہ تھریس و مقدونیہ میں ڈھائی لاکھ

مسلمانوں کو بلغاریوں نے طرح طرح کے جان فرسا عذاب دے کر ہلاک کیا۔ (اخبار زمیندار ۸ر ستمبر ۱۹۱۳ء) ہندوستان میں بقول آریہ اخبارات کے چار پانچ لاکھ مسلمان آریہ بنائے گئے۔ حالانکہ مرزا قادیانی نے لکھا تھا ''وہ وقت آتا ہے بلکہ قریب ہے کہ زمین پر نہ رام چندر پوجا جائے گا نہ کرشن اور نہ حضرت مسیح علیہ السلام'' (شہادت القرآن ص ۴۰، ۷، خزائن ج ۶ ص ۳۸۱) یہ بھی الٹ ہوا کہ رام چندر اور کرشن کے پیروان میں دس لاکھ کی ترقی ہوئی۔

دوم...... مرزا قادیانی نے لکھا تھا ''اس پر اتفاق ہوگیا ہے کہ مسیح کے نزول کے وقت اسلام دنیا پر پھیل جائے گا اور ملل باطلہ ہلاک ہوجائیں گی اور راست بازی ترقی کرے گی۔'' مگر یہ بھی الٹ ہوا۔ کیونکہ عیسائیوں کی تبلیغ جاری ہے اور ہر ایک ملک میں ان کے تبلیغی کام جاری ہیں۔ ہزاروں کی تعداد میں لوگ عیسائی مذہب قبول کررہے ہیں۔ مرزا قادیانی نے خود باطل مسائل عیسائیوں اور آریوں کے اسلام میں داخل کر کے چشمہ صافی توحید کو شرک کی نجاست سے پلید کیا۔ عیسائیوں کے مسئلہ ابن اللہ اور تجسّم خدا اور کفارہ کو اپنے الہاموں اور تحریروں سے تقویت دی۔ مرزا قادیانی خود ابن اللہ بنے، ان کے الہام نمونہ کے طور پر ذیل میں منقول ہیں:

''انت منزی بمنزلۃ ولدی'' (حقیقت الوحی ص ۸۶، خزائن ج ۲۲ ص ۸۹)

''انت منی بمنزلۃ اولادی'' (اخبار الحکم ج ۴، ۱۰ر دسمبر ۱۹۰۰ء، تذکرہ ج ۳ ص ۳۹۹)

''انت من مآء نا'' (اربعین نمبر ۳ ص ۳۴، خزائن ج ۱۷ ص ۴۲۳)

''انت منی بمنزلۃ بروزی'' (تجلیات الٰہیہ ص ۱۳، خزائن ج ۲۰ ص ۴۰۴)

''انما امرک اذا اردت شیئاً تقول لہ کن فیکون''

(حقیقت الوحی ص ۱۰۵، خزائن ج ۲۲ ص ۱۰۸)

''اب تیرا مرتبہ یہ ہے کہ جس چیز کا ارادہ کرے صرف کہہ دے ہوجا، ہوجائیں گی۔''

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو صلیب پر لٹکایا اور مسئلہ کفارہ کی تائید کی۔ حالانکہ قرآن شریف نے تو ''ما قتلوہ وما صلبوہ'' سے کفارہ کی تردید کردی تھی۔

آریوں کے باطل مسائل تناسخ و بروز کی تائید کی اور ہندوؤں کے مسئلہ اوتار کو مانا اور خود کرشن جی کے اوتار بنے۔

مرزا قادیانی کو الہام ہوا: ''تو ہے آریوں کا بادشاہ'' (تتمہ حقیقت الوحی ص ۸۵، خزائن ج ۲۲ ص ۵۲۲)

اس الہام کے معنی مرزا قادیانی نے خود کئے ہیں کہ بادشاہت سے مراد روحانی بادشاہت ہے تو پھر

آریہ ہوئے۔ پس مرزا قادیانی بمعہ اپنی جماعتوں کے اگر آریہ ہیں تو مسلمان نہیں۔ کیونکہ آریوں کو قیامت سے انکار ہے اور قیامت کا منکر اور تناسخ کا قائل کبھی مسلمان نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا یا تو یہ دعویٰ غلط ہے کہ مرزا قادیانی آریوں کے روحانی بادشاہ تھے یا یہ غلط ہے کہ مسلمان تھے۔ کرشن جی گیتا میں لکھتے ہیں:

بقید تناسخ کند داورش　بانواع قالب دروں آردش
بہ تنہائے معہود در میروند　بجسم سگ وخوک در میرند

(گیتا مترجمہ فیضی)

یعنی جزاء وسزا تناسخ کے چکر میں لا کر انسانوں کو دی جاتی ہے اور قسم قسم کے حیوانی قالبوں میں مجرموں کو ڈالا جاتا ہے حتیٰ کہ کتے اور سور کے جسم میں بھی جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو صراط مستقیم اسلام اور توحید پر قائم رکھے اور جھوٹے مدعیان کی پیروی سے بچائے۔ آمین ثم آمین! دعویٰ بلا دلیل تو کرسکتا ہے مگر مشکل دلیل لانے کے وقت پیش آتی ہے:

مسیح باش و ز اعجاز لا فہامے زن　میان دعویٰ وحجت ہزار فرسنگ است

(انجمن تائید اسلام لاہور ۱۵؍جون ۱۹۲۵ء ص ۱ تا ۱۰)

ڈاکٹر اقبال رحمۃ اللہ علیہ اور رد قادیانیت

علامہ ڈاکٹر محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ ابتداءً قادیانی تحریک سے متاثر تھے اور غالباً اس کی وجہ جماعت کی تیز رفتار حرکت تھی۔ مرحوم حرکت کے قائل تھے۔ انہیں جمود سے نفرت تھی۔ وہ اپنی تمام شاعری میں حرکت پر زور دیتے رہے ہیں۔ وہ چاہتے تھے کہ ملت اسلامیہ میں وہی حرکت رہنی چاہئے جو حضرات صحابہ میں تھی۔ وہ عساکر اسلامیہ کو مختلف سمتوں میں فاتحانہ سفر کرتے ہوئے دیکھنا چاہتے تھے۔ لیکن جب قادیانی جماعت کے بانی کے اصل عزائم کو انہوں نے سمجھا اور یہ محسوس کرلیا کہ یہ لوگ فرنگیوں کے ایماء پر فنکارانہ انداز میں ایک متوازی دین قائم کررہے ہیں اور مسلمانوں کو دین اسلام سے ہٹانے کی کوششوں میں مصروف ہیں تو انہوں نے ایک بیان جاری کیا جسے اردو روزناموں ''زمیندار'' اور ''احسان'' نے نمایاں سرخی کے ساتھ شائع کیا۔ یہی بیان ۱۴؍مئی ۱۹۳۵ء میں انگریزی روزنامہ ''اسٹیٹس مین'' میں شائع ہوا۔ بیان کا ماحصل یہ تھا: ''چونکہ احمدی فرقہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ختم نبوت کا قائل نہیں اس لئے دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ اور کچھ نہیں تو کم ازکم اس جماعت کو ایک غیر مسلم اقلیت قرار دیا جائے۔'' اس بیان پر بعض لوگوں نے تنقید کی۔ تنقید نگاروں میں جواہر لال نہرو بھی ہیں۔ اقبال مرحوم کو ان تنقیدوں پر افسوس بھی ہوا اور غصہ بھی آیا۔ خاص طور پر انہیں مسٹر نہرو کی تنقید پر کانگریسی اور احمدی گٹھ جوڑ کا شبہ ہوا۔ (آئینہ دارالعلوم دیوبند مؤرخہ ۱۵؍مئی ۱۹۹۵ء)

مجلس تحفظ ختم نبوت دہلی کے تمام پروگرام آن لائن سسٹم سے جڑ گئے

از: شہباز اختر قاسمی انچارج آفس تحفظ ختم نبوت دہلی

مجلس تحفظ ختم نبوت دہلی کے تمام پروگرام آن لائن کر دیئے گئے۔ تمام مساجد میں ہونے والے بیانات کا سلسلہ آ ئن لائن سسٹم سے جوڑ دیا گیا۔ گزشتہ رات نو بج کر ۳۰ منٹ پر مجلس کے آن لائن سسٹم کا افتتاح دارالعلوم دیوبند کے مہتمم مفتی ابوالقاسم نعمانی اور کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت کے استاذ مولانا شاہ عالم گھورکھپوری نے کیا۔

مجلس تحفظ ختم نبوت کے تمام ممبران کا لاک ڈاؤن میں پروگرام کے رک جانے پر مسلسل اصرار تھا کہ عقائد اور علم کلام کے موضوع پر ہونے والے اس پروگرام کو کسی بھی صورت میں جاری رکھا جائے۔ اس کے لئے مجلس کے ممبران نے باضابطہ ایک سافٹ ویئر کے ذریعہ اپنے دلچسپی کے پروگرام کو جاری رکھنے میں کامیابی حاصل کر لی۔ دہلی مجلس ہیڈ کوارٹر مدرسہ زینت العلوم دھشن پوری دہلی کے صدر جناب قاری ربیع الحسن صاحب اور سیکرٹری جناب قاری عارف جمال صاحب امام مسجد اصلاح بٹلا ہاؤس ذاکر نگر دہلی نے پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے بتایا کہ اب تمام ہفتہ واری اجلاس آ ئن لائن ہوا کریں گے۔ جس میں ملک کے ماہر فن علماء سے استفادہ آسان ہو گیا ہے۔ پہلے یہ پروگرام مسجد اصلاح میں ہر سنیچر بعد نماز عشاء ہوا کرتا تھا اور اب اس کا دائرہ دہلی کے دیگر مساجد اور کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت سے جڑے ہوئے حلقہ وار مجالس کے لئے بھی وسیع کر دیا جائے گا۔

آ ئن لائن سسٹم پر جیسے ہی حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم نعمانی صاحب مدظلہ العالی نمودار ہوئے، تمام شرکاء اجلاس نے ہدیہ سلام اور خوش آمدید کہہ کر موصوف کا پرجوش استقبال کیا اور آ ئن لائن سسٹم پر موجود جناب مولانا شاہ عالم صاحب گھورکھپوری استاذ و نائب ناظم کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت دارالعلوم دیوبند نے نظامت کے فرائض انجام دیتے ہوئے تلاوت قرآن مجید سے پروگرام کا آغاز کیا۔ مختصراً سسٹم کا تعارف کراتے ہوئے مولانا گھورکھپوری نے بتایا کہ ہندوستان میں مجلس تحفظ ختم نبوت کی تاریخ میں یہ پہلا دن ہے جس میں زمینی ورک مکمل طور پر جڑے رہنے کے ساتھ ساتھ دور حاضر کے پیش آمدہ حالات میں جدید آلات اور آ ئن لائن سسٹم سے بھی مجلس کے کام جوڑے جا رہے ہیں۔ چونکہ حکومتی قوانین اور لاک ڈاؤن کی وجہ سے اجتماعات اور اسفار اب مشکل ہوتے جا رہے ہیں۔ اس لئے عقائد اور عقائد کے توسط سے اعمال کی حفاظت

کے لئے اس سسٹم کو اپنانا ضروری ہوگیا ہے۔

حضرت مفتی ابوالقاسم نعمانی صاحب مدظلہ نے اپنے نہایت پرمغز اور مؤثر خطاب میں عقائد کی اہمیت اور موجودہ نظام سے جڑ کر کام کرنے کی افادیت اور ضرورت پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا کہ ممبران کے اصرار اور وقت کے تقاضے کے پیش نظر مجلس تحفظ ختم نبوت دہلی کے تحت آن لائن پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس کی آج پہلی افتتاحی مجلس ہے۔ مجلس کے احباب نے مجھے اس کی سعادت کا شرف بخشا ناچیز نے اس کو ایک دینی خدمت سمجھتے ہوئے اپنے لئے سعادت جان کر حاضری درج کرانا ضروری سمجھا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کی افادیت اور نافعیت کو قبول فرماتے ہوئے ہم سب کو اپنے اپنے حصہ کی ذمہ داری نبھانے کی توفیق عطاء فرمائے۔

حضرت مفتی صاحب مدظلہٗ نے تیس منٹ تک دوران خطاب مجلس کے کارکنان کی بھرپور حوصلہ افزائی فرمائی اور مولانا شاہ عالم صاحب گورکھپوری، جناب حافظ ابرار صاحب رکن مجلس، جناب قاری عارف جمال صاحب، جناب قاری ربیع الحسن صاحب، جناب قاضی محمد اکمل صاحب، مفتی اکمل یزدانی صاحب، مفتی صدیق محی الدین صاحب خلگنڈہ وغیرہ شرکاء مجلس وذمہ داران کو مبارکباد دیتے ہوئے علم کلام اور عقیدہ کی اہمیت پر فرمایا کہ عقیدہ اور علم کلام وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انسان کے اعمال کی قبولیت کا دارومدار عقیدہ کی صحت پر ہے، ابتدائے اسلام سے عبادات کے نام پر کوئی فرقہ وجود میں نہیں آیا۔ نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج وغیرہ کے نام پر آج تک کوئی جماعت وجود میں نہیں آئی۔ چور چوری کرتا ہے، شرابی شراب پیتا ہے۔ یہ سارے کام پہلے بھی ہوتے رہے اور اب بھی ہوتے ہیں۔ لیکن ان کی وجہ سے کبھی کوئی جماعت وجود میں نہیں آئی۔ بلکہ ہمیشہ دشمنان اسلام نے عقیدہ اور علم کلام ہی کو بنیاد بنا کر مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کی کوشش کی اور مختلف ناموں سے فرقہ وجود میں آتے رہے۔ اس لئے عقیدہ اور علم کلام کی حفاظت سب سے زیادہ ضروری ہے اور یہ کام مجلس تحفظ ختم نبوت کے ذریعہ سے پورے ملک میں انجام دیا جارہا ہے۔ مردوں کے علاوہ باپردہ خواتین کو بھی اسلامی عقائد میں پختہ فکر بنانا مجلس کے اہم کاموں میں سے ہے۔

یہ موضوع نہایت خشک ہے بلکہ اس میں کام کرنے والوں کو اپنے اوقات کو بھی قربان کرنا ہے، جان مال سب کچھ کھپانا پڑتا ہے۔ ان کے لئے طرح طرح کے خطرات بھی منڈلاتے رہتے ہیں۔ کیونکہ فتنوں کی سرپرستی کرنے والے اور ان کا ساتھ دینے والے اقتدار میں بھی ہوتے ہیں۔ ان کو سیاسی قوت بھی حاصل ہوتی ہے، انتظامیہ کی بھی سرپرستی انہیں حاصل ہوتی ہے اور دیگر فتنہ پردازوں کی پشت پناہی بھی انہیں حاصل ہوتی ہے۔ وہ ان سب کے مقابلہ میں اپنی ظاہری بے سروسامانی کے ساتھ عقیدہ ختم نبوت کو فروغ دینا

اوراس کے لئے قربانی دینااوراس سلسلہ میں جدوجہد کرنا یہ بہت ہی بڑے دل گردے کا کام ہےاور بڑا عظیم کام ہے۔صحیح عقیدہ سے اسکول اور کالج کے طلبہ کو ہمارے بچوں کواور ہماری بچیوں کو واقف کرانا اور ان کا اس کام کے لئے تیار کرنا کہ اگر کوئی بھٹکا ہوا اور بہکا ہوا ان کے سامنے آجائے اور اپنے غلط عقائد اور نظریات کا پرچار کرنا چاہےتو نہ صرف یہ کہ اس سے متاثر نہ ہو۔ بلکہ اس کا منہ توڑ جواب دے سکیں۔ یہ بہت اہم کام ہےاور اللہ کا فضل ہےاور مجھے یہ سن کر بڑی خوشی ہوئی کہ ہماری یہ مجلس اپنا دائرہ کار محدود نہیں رکھتی۔ ہمارے کام کرنے والے سرپرست میں علماء ائمہ اور حفاظ ہیں اور ملک کے بیدار مغز افراد ہیں۔اس میں ہمارے نوجوان افراد بھی ہیں۔ طلبہ ہیں، کالج کے اسٹوڈنٹس ہیں۔اس میں ہماری مسلمان مائیں بہنیں اور خواتین بھی شامل ہیں۔اس لئے اس موضوع پر کام کانے والے علماءسب سے زیادہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ جو جماعت جو تنظیم امت کے عقیدہ کی حفاظت کا بیڑہ اٹھائے چاہے اس کا تعلق عقیدہ ختم نبوت سے ہو یا جھوٹے مدعیان مہدویت کے مقابلہ سے ہو اسی طرح چولے بدل بدل کر آنے والے ان تمام باطل فرقوں کی جو اسلام کے خلاف ہیں تردید کرنے کے لئے بیڑا اٹھارہی ہے وہ بڑی عظیم جماعت ہے۔

مہتمم صاحب نے یہ بھی یاددلایا کہ اساتذۂ دارالعلوم کے مشورہ سے جناب مولانا شاہ عالم گورکھپوری صاحب نے ''اسلامی عقائدومعلومات'' کے نام سے عقیدہ کے موضوع پر بہت ہی اہم کتاب تیار کی ہے، جو وقت کی اہم ضرورت ہے، ارباب مدارس کو چاہئے کہ اسے اپنے ابتدائی نصاب اور درجہ حفظ میں شامل کریں، بچوں کو زبانی یاد کرائیں، طلباء میں شوق پیدا کرنے کے لئے تجمیعی اور مسابقاتی پروگرام منعقد کریں۔

دہلی مجلس کے سیکرٹری جناب قاری عارف جمال صاحب نے اس کے بعد مختصر بیان میں حاضرین وسامعین اور بالخصوص مجلس کے سرپرست مولانا شاہ عالم صاحب اور حافظ ابراراحمد صاحب کا شکریہ ادا کیا اور یہ بتایا کہ ہم دوتین ہفتہ سے اپنے سابقہ پروگراموں کو جاری کرنے کی فکر میں تھے اوراس کے لئے مجلس کے سرپرستوں سے صلاح مشورہ جاری تھا۔اسی دوران حضرت مولانا شاہ عالم صاحب نے یہ خوشخبری سنائی کہ مجلس کے اہم ذمہ دار جناب حافظ ابراراحمد صاحب مدظلہٗ کے ذریعہ سافٹ ویئر کا کام مکمل ہوگیا ہےاوراس کا آج ہی افتتاح کرالیا گیا۔صدر مجلس تحفظ ختم نبوت دہلی جناب قاری ربیع الحسن صاحب نے مجلس کے ہیڈکوارٹر واقع مدرسہ زینت العلوم میں رہتے ہوئے آن لائن سسٹم سے جڑ کر اپنے خطاب میں کہا کہ اللہ کی توفیق سے جو کام رک گیا تھا اس کا چلانے کا نیا سلسلہ چل پڑا ہے اوراس کو آگے بڑھانے کے لئے جناب مولانا شہباز اختر صاحب کا تقرر بھی کرلیا گیا ہےاور پروگرام کے آرگنائزر مولانا شہباز قاسمی نے سامعین اور شرکاء کے سامنے اپنا تعارف پیش کیا۔ جناب مولانا وقاضی محمد کامل صاحب مسلم پرسنل لا بورڈ حلقہ جنوبی دہلی نے بھی اپنے

تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے قاری عارف جمال صاحب اور مولانا شاہ عالم صاحب کو مبارک باد پیش کی اور اس سسٹم سے پروگرام کی افادیت کو سراہا۔ جناب مفتی محمد صدیق محی الدین صاحب ناظم مجلس تحفظ ختم نبوت تلنگنڈہ نے اپنے تاثرات کا اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ بہت صحیح موقع پر یہ مبارک قدم اٹھایا گیا۔ اب اس کا فائدہ پورے ہندوستان کی تمام مجالس تحفظ ختم نبوت کے لوگ مستفیض ہوں گے اور مفتی اکمل یزدانی بھوپال نے درمیان کمنٹ کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا اظہار بھی کیا اور اس پروگرام پر تمام کارکنان کو مبارک باد دی۔ مولانا بادشاہ صاحب نائب ناظم مجلس تحفظ ختم نبوت کیرالہ نے بھی اپنے تاثرات کا اظہار کیا اور بتایا کہ بہت جلد آن لائن سسٹم کو کیرالہ کے لئے بھی عام کردیا جائے گا۔ مولانا انصار اللہ قاسمی حیدرآباد، فرحان دہلی، احمد دہلی نے مجلس تحفظ ختم نبوت دہلی کے ذمہ داران کو مبارک باد دی۔ تحفظ دین میڈیا کے انچارج قاری ضیاء الرحمٰن نے بھی شرکت پر خوشی کا اظہار کرتے نظام اور پروگرام کو سراہا۔

مرکز التراث الاسلامی دیوبند کے تمام شرکاء اور میڈیا انچارج ماسٹر محمد احمد، مولانا صغیر عالم نیپالی، مولانا محمد عارف ہریانہ، مولانا مفتی ابوبکر قاسمی بی۔اے۔ایل۔ایل۔بی علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، جناب ذیشان داؤدی، مولانا محمد حمزہ کیرالوی، مولانا عبدالمومن بنگال، مولانا محمد اشرف قاسمی بنگال اور مولانا محمد ارشد صاحب گورکھپوری استاذ شعبہ تحفظ ختم نبوت مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور وغیرہ نے بھی پروگرام کو سنا اور ذمہ داران کو مبارک باد پیش کی۔

دلچسپ لطیفہ

مولانا سید ابوالحسن علی ندوی فرماتے ہیں: ’’اس سلسلہ میں ایک دلچسپ لطیفہ قابل ذکر ہے۔ غالباً ۱۹۶۴ء تھا۔ رابطہ کے اجلاس ہورہے تھے۔ ہم لوگ رابطہ کے مرکز (مکہ معظمہ) میں بیٹھے ہوئے تھے کہ دروازہ سے ایک شیعہ عالم داخل ہوئے میں چونکہ لکھنؤ کا رہنے والا ہوں۔ اس لئے فوراً پہچان لیا کہ کوئی شیعہ مجتہد ہیں۔ مفتی سید امین الحسینی صاحب مرحوم (جو کچھ دن ایران میں رہے تھے) بڑھے اور ان کا استقبال کر کے لائے اور ایک ایک سے تعارف کرانا شروع کیا۔ یہ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی ہیں۔ یہ فلاں ہیں، یہ فلاں ہیں۔ میری باری جب آئی تو انہوں نے کہا کہ: ’’ھذا الشیخ ابو الحسن الندوی‘‘ یہ نوواردزائر (آیت اللہ) روح اللہ خمینی صاحب تھے۔ میرا نام سن کر بولے۔ ہاں ہاں! میں نے آپ کا رسالہ ’’ردۃ ولا أبا بکرؓ لھا‘‘ پڑھا ہے۔ میرے خیال میں تو اس کا نام ’’ردۃ ولا أبا حسنؓ لھا‘‘ ہونا چاہئے تھا۔ (مراد حضرت علیؓ ہیں) میں نے کہا جی نہیں۔ عربی کا محاورہ یہ نہیں ہے۔ عربی کا محاورہ ہے: ’’قضیۃ ولا أباحسنؓ لھا‘‘ (مشکل مسئلہ ہے اور اس کے حل کے لئے حضرت علیؓ نہیں ہیں) اس رسالہ کے لئے ’’ردۃ ولا أبا بکرؓ لھا‘‘ ہی کا عنوان موزوں تھا۔ اس پر وہ خاموش ہوگئے۔‘‘ ...... (کاروان زندگی ص۴۵۳ حاشیہ)

تبصرہ کتب

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے ...... مبصر: مولانا اللہ وسایا

فضائل اہل بیت: تصنیف: حضرت علامہ جلال الدین سیوطی: ترجمہ: مولانا مفتی شعیب احمد:
ناشر: شاہ نفیس اکیڈمی ۱۱/۲۷ سعدی پارک مزنگ لاہور!

نویں صدی ہجری کے نامور امام، عالم اسلام کی ممتاز علمی شخصیت حضرت علامہ جلال الدین سیوطی کا فضائل اہل بیتؓ پر ایک رسالہ جس کا نام ''احیاء المیت بفضائل اہل بیتؓ'' ہے۔ جس میں اپ نے ساٹھ احادیث مبارکہ فضائل اہل بیت پر جمع کی ہیں۔ جناب میاں رضوان نفیس صاحب نے حضرت مولانا مفتی شعیب احمد صاحب سے درخواست کر کے ان کا ترجمہ کرایا۔ حضرت مولانا سید نعیم الدین اور حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب نے تقاریظ لکھیں۔ حضرت تھانوی کا ''حیات المؤمنین اور بنات رسول ﷺ'' پر ایک مضمون۔ اہل بیت کے شخصی فضائل ومناقب پر مولانا ڈاکٹر عبدالواحد کا ایک مضمون بطور ضمیمہ کے شامل کیا۔ اسی صفحات پر مشتمل خوبصورت مرقع بن گیا ہے۔ احادیث کا باحوالہ متن بمع اعراب اس کے ساتھ ترجمہ آفسٹ پیپر گویا آنکھوں کا سرور، دل کا نور، ایمان وایقان کے لئے مژدہ جانفزاء۔ یہ اس دستاویز کا تعارف ہے جس کا نام فضائل اہل بیتؓ یہ رسالہ ملعون خارجی ویزیدی گروہ پر اتمام حجت ہے۔

تحریک تحفظ ختم نبوت ۱۹۳۱ء تا ۱۹۴۷ء، تالیف: ڈاکٹر عمر فاروق، صفحات: ۵۷۲، قیمت: ۱۰۰۰:
ملنے کا پتا: بخاری اکیڈمی دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان!

ملعون قادیان کے کفریات الم نشرح ہونے پر امت نے اس کے احتساب کا شکنجہ کسا۔ علماء لدھیانہ، مولانا غلام دستگیر قصوری، مولانا محمد حسین بٹالوی، مولانا پیر مہر علی شاہ ایسے جلیل القدر علماء کرام نے اس کا ایسا تعاقب کیا کہ اسے دن کو تارے نظر آنے لگے۔ حضرت مولانا سید انور شاہ کشمیری، مولانا ثناء اللہ امرتسری نے وہ گراں قدر خدمات سرانجام دیں جس پر ایک زمانہ فخر کرتا ہے۔ بعد میں تو احباب ملتے گئے کارواں بنتا گیا۔ لیکن فتنہ قادیانیت کی تمام فتنہ سامانیوں کو دیکھ کر حضرت مولانا سید محمد انور شاہ کشمیری، قطب الارشاد حضرت مولانا شاہ عبدالقادر رائے پوری ایسے بزرگ اس نتیجہ پر پہنچے کہ ملعون قادیان نے ایک جماعت کی بنیاد رکھی ہے۔ فرد کا مقابلہ فرد کرسکتا ہے لیکن جماعت کا مقابلہ انفرادی طور پر بہت مشکل ہے۔

جماعت کے مقابلہ کے لئے جماعت کو ہی یہ محاذ سنبھالنا چاہئے۔ یہ اعزاز مجلس احرار اسلام کو جاتا ہے کہ یہ اپنے بزرگوں کے فیصلہ کے مطابق قادیانیت کے خلاف سب سے پہلے جماعتی اعتبار سے مورچہ زن ہوئی۔ ۱۹۳۱ء سے ۱۹۴۷ء تک کے اس معرکہ حق و باطل کفر و اسلام کی تفصیلات کا زیرنظر کتاب مجموعہ ہے۔ محترم ڈاکٹر عمر فاروق نے بھرپور محنت سے اسے جمع کیا ہے اور بڑی کامیابی کے ساتھ اپنی کشتی کو ساحل مراد سے ہمکنار کیا ہے۔ خوب صورت ٹائٹل، عمدہ کمپوزنگ، معیاری کاغذ (سائز 23X36/8) غرض طباعت واشاعت کی تمام خوبیوں کی حامل یہ کتاب تاریخ کے طالب علم کی اور لائبریریوں کی ضرورت ہے۔ مرتب، طابع وناشر سب اس کتاب کی تیاری پر لائق تبریک ہیں۔ مجلس احرار اسلام کے تمام دفاتر سے دستیاب ہے۔

سالنامہ ختم نبوت رنگون: مدیر: جناب عبدالرحمٰن یعقوب باوا: صفحات: ۱۰۸: ناشر: ختم نبوت اکیڈمی لندن!

محترم جناب عبدالرحمٰن یعقوب باوا نے اپنے قیام رنگون برما کے زمانہ میں ماہنامہ ختم نبوت جاری کیا۔ ۱۹۶۲ء (مطابق ۸۲-۱۳۸۱ھ) کا سالنامہ نمبر شائع کیا۔ اب اسے آپ نے دوبارہ ختم نبوت اکیڈمی لندن سے اضافہ جات کے ساتھ خوبصورت اور دیدہ زیب انداز میں شائع کیا ہے جو ایک معلوماتی دستاویز ہے۔ کراچی بنوری ٹاؤن مکتبہ عزیزیہ سلام کتب مارکیٹ سے بھی دستیاب ہے۔

مولانا عبدالماجد دریا آبادی صاحب پر تکفیر کے معاملہ میں جرح: مؤلف: جناب مولانا سہیل باوا: صفحات: ۴۸: ناشر: ختم نبوت اکیڈمی لندن: ملنے کا پتہ: مکتبہ عزیزیہ سلام کتب مارکیٹ بنوری ٹاؤن کراچی!

واقفین جانتے ہیں کہ مولانا عبدالماجد دریا آبادی، قادیانیوں ولاہوری مرزائیوں کی تکفیر کے مسئلہ پر امت مسلمہ کے اجتماعی موقف کے خلاف رائے رکھتے تھے۔ جس کی کسی بھی طرح کسی نے بھی تائید نہ کی۔ حضرت تھانویؒ سے لے کر حضرت لدھیانویؒ تک امت کے سربرآوردہ حضرات اور حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی سے حضرت مولانا تقی عثمانی دامت برکاتہم تک اکابر امت نے اور ماہنامہ دارالعلوم دیوبند سے لے کر ماہنامہ بینات تک رسائل وجرائد نے دریا آبادی صاحب کے مؤقف کی واضح تغلیط وتردید کی۔ فاضل نوجوان مولانا سہیل باوا نے اس تمام ریکارڈ کی نہ صرف نشاندہی کردی بلکہ یکجا بھی کردیا ہے۔ جس سے یہ ایک تاریخی دستاویز تیار ہوگئی ہے۔ مرتب لائق تبریک ہیں۔

جماعتی سرگرمیاں

ادارہ!

۳۵ویں سالانہ ختم نبوت کانفرنس ٹیکسلا کی رپورٹ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت تحصیل ٹیکسلا کے زیر اہتمام خانقاہ سعدیہ نقشبندیہ مجددیہ مرکزی جامع مسجد ٹیکسلا میں یک روزہ ۳۵ویں سالانہ ختم نبوت کانفرنس کی کل چار نشستیں ہوئیں۔ مولانا عبدالغفور قریشی کے جانشین عالم باعمل مولانا مفتی عبدالہادی قریشی نے صدارت فرمائی۔ تلاوت قاری معاویہ حسن، نعت محمد ابراہیم سواتی، مطیع الرحمٰن نفیسی۔ بیانات مولانا کلیم اللہ، مولانا عتیق الرحمٰن، مولانا سہیل، مولانا شفیع اللہ، مولانا سید حسنات بادشاہ، مولانا محمد اکرم طوفانی، مولانا عبدالحق خان بشیر کے ہوئے۔ دوسری نشست بعد نماز عصر مولانا مفتی عبدالہادی نے ختم خواجگان پڑھایا۔ نعت جناب طاہر بلال چشتی جھنگ، مولانا قاضی عبدالرشید نے بیان فرمایا۔ مولانا محمد زکریا قریشی نے صدارت واختتامی دعا فرمائی۔ تیسری نشست بعد نماز مغرب زیر صدارت مفتی عبدالہادی، نعت حافظ عبدالباسط حسانی نے پیش کی۔ حیات حضرت عیسیٰ علیہ السلام وظہور امام مہدی کے عنوان سے مولانا رضوان عزیز نے خطاب فرمایا۔ صاحبزادہ مولانا محمد زکریا قریشی نے اکابرین مجلس کی محنت کے عنوان سے خطاب فرمایا۔ چوتھی نشست بعد نماز عشاء مولانا صاحبزادہ عزیز احمد نائب امیر مجلس تحفظ ختم نبوت نے صدارت فرمائی۔ جامعہ عربیہ سراج المدارس کے ۴۷ طلباء درجہ حفظ، درجہ مشکوٰۃ شریف کی دستار بندی فرمائی۔ مولانا محمد زکریا قریشی نے استقبالیہ دیا۔ مولانا مفتی شہاب الدین پوپلزئی، مولانا فضل الرحمٰن درخواستی، مولانا محمد امجد خان نے مدارس عربیہ، عالمی مجلس اور جمعیت کی کارگزاری اور موجودہ حکومت کی دین دشمنی کو بیان فرمایا۔ آخر رات بارہ بجے مولانا صاحبزادہ خواجہ عزیز احمد کی دعا سے کانفرنس اختتام پذیر ہوئی۔

ختم نبوت وعظمت قرآن مجید کانفرنس رتو کالا

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت وجمعیت علماء اسلام رتو کالا کے زیر اہتمام مدرسہ اسلامیہ کاملیہ تعلیم القرآن کی ۴۲ سالانہ عظیم الشان ختم نبوت وعظمت قرآن کانفرنس مورخہ ۱۷ مارچ ۲۰۲۱ء مغرب جامع مسجد مدنی رتو کالا میں منعقد ہوئی۔ جس میں حفاظ کرام کی دستار بندی کی گئی۔ پروگرام کی سرپرستی مولانا ظہور احمد عثمانی اور نگرانی مفتی اسداللہ، مولانا خالد محمود تارڑ، صدر افتخار تارڑ، مظہر حیات نے کی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن سے قاری ابوبکر ضیاء پھلروان نے کیا۔ نعتیہ کلام حافظ محمد عمران نقشبندی لاہور نے پیش کیا۔ خصوصی آمد وصدارت مولانا صاحبزادہ خواجہ خلیل احمد صاحب نے فرمائی۔ جس میں خطاب مولانا عزیز الرحمٰن ثانی مرکزی رہنما عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، مولانا عبدالشکور شاکر امیر جمعیت علماء اسلام ٹیکسلا اور مولانا نور محمد ہزاروی سرگودھا نے کیا۔ نقابت کے فرائض مولانا خالد عابد مبلغ عالمی مجلس سرگودھا نے انجام دیئے۔

ستائیسویں ختم نبوت کورس چناب نگر کے شرکاء

مولانا محمد وسیم اسلم

جب سے چناب نگر کورس شروع ہوا۔ ’’ماہنامہ لولاک‘‘ میں ہم شرکاء کی ہر سال فہرست شائع کرتے ہیں۔ اگر عام رائج خط میں یہ فہرست شائع کرتے تو پورا لولاک کا شمارہ صرف شرکاء کے ناموں سے ہی مکمل ہوجاتا۔ اس لئے فہرست کا خط باریک کر کے اور پھر تین کالم بنا کر، جن ساتھیوں کا خارجہ ہوا۔ ان کے فہرست سے نام و نمبر خارج کر کے پھر بھی لولاک کے بہت سارے صفحات مختص کرنے پڑے۔ لیکن ان مہمانوں کے اعزاز کے لئے قارئین لولاک ایثار و محبت سے اس مجبوری کو مدنظر رکھیں گے۔ آئندہ کے لئے یہی صورت حال رہی تو شاید اتنی زیادہ فہرست شائع کرنا ہمارے لئے مشکل ہوگا۔ وہی ہوگا جو اللہ رب العزت کو منظور ہے۔ اب کی تو فہرست ملاحظہ فرمائیں جو یہ ہے:

1	فواد عزیز	محمد عزیز الدین	دیرا پر
2	انور علی	امین الحق	بونیر
3	مسعود شاہ	زیارت شاہ	مردان
4	محمد ادریس	شرافت علی	مردان
5	عاطف اللہ	خان بہادر	کرک
7	اسد اللہ	فرزمان	دیامر
8	بورجان	عبدالسلام	لورالائی
9	عبدالحفیظ	عبدالحکیم	پشاور
10	شفیق الرحمن	سوچہ گل	پشاور
11	سلیمان شاہ	فہیم بادشاہ	اپردیر
12	سلمان خان	ستار	سوات
13	محمد زید	سلطان	صوابی
15	بلال شاکر	حاجی نمین بھٹو	خیرپور میرس
16	شاہ زیب	محمد شریف	سانگھڑ
20	فضل حسین	نوشیر	دیامیر
21	فداءالدین	محمد زبیر	دیامر
22	نجیب اللہ	شیر جہاں	دیرا پر
23	نجیب اللہ	گل زمین	دیامر
24	شہزاد	مسافر خان	ہری پور
25	شہاب الدین	جبیرالدین	چترال
26	مطیع الرحمن	گل احمد	کرم
30	محمد تنزیل	محمد اسحاق	رحیم یار خان
32	عبیداللہ	سعیداللہ خان	شانگلہ
33	محمد مسعود	ریاض احمد	صوابی
34	حافظ محمد داؤد	نور اسلم	ملتان
35	حمداللہ	عبدالمنان	لورالائی
36	مسیح اللہ	محمد نذیر	دیرا پر
37	امین اللہ	عبدالغفار	لورالائی

38	فتح اللہ خان	عطاءاللہ خان	ٹانک
39	شاکراللہ	محمد ظاہر شاہ	دیرا پر
41	امیراللہ مظہری	شاکراللہ خان	صوابی
42	بختیار علی	ریدون	صوابی
43	عبدالرشید	شاہ جہان	صوابی
44	حفیظ اللہ	نوروالی خان	ساؤتھ وزیرستان
45	تنویر احمد	محمد مجید	کرک
46	انور شاہ	نیاز الرحمن	صوابی
47	محمد یعقوب شاہ	اسماعیل شاہ	ڈی آئی خان
48	عاقب شہزاد	اورنگ زیب	مانسہرہ
49	صادق الرحمن	سیف الرحمن	چترال
50	محمد عدنان	محمد رفیق خان	لکی مروت
51	احتشام اللہ	حبیب الرحمن	سوات
52	محمد حارث	ولی محمد	صوابی
53	محمد	محمد عبداللہ	بہاولپور
54	احتشام عالم	احمد دیار خان	چترال
55	محمد حارث	عبدالقیوم مغل	اسلام آباد
56	محمد کامران	عبدالحمید	گوجرانوالہ
57	عمران طارق	محمد طارق	مانسہرہ
58	محمد یوسف	حبیب احمد	شانگلہ
59	کامران خالد	خالد پرویز	سدھنوتی
60	تصور محمود	محمد حنیف	سدھنوتی
62	رضوان خان	عظمت خان	کوہاٹ
63	محمد شمس الحق	سراج الحق	چترال
66	محمد انعام الحق	محمد اکرم شاد	لودھراں
68	احسان اللہ	سکندر ولی خان	چترال
69	عبیدالرحمن	فتح محمد	راولپنڈی
70	محسن ریاض	محمد ریاض	ایبٹ آباد

71	محمد عمران	روح الامین	شانگلہ
72	تنویر احمد	فرید احمد خان	باغ
73	محمد ابراہیم	عبدالرزاق	راولپنڈی
74	محمد زمان	میر وارث	صوابی
75	شبیر احمد	گلاب شیر	سوات
76	محمد ذیشان عقیل	غلام مرتضیٰ	راولپنڈی
77	محمد لقمان	فضل مولیٰ	دیرلوئر
78	عاصم علی	محمد عجب	ایبٹ آباد
79	محمد اسامہ	نور احمد	راولپنڈی
80	عبدالواجد	محمد یعقوب	مانسہرہ
81	حبیب اللہ	ذاکراللہ	نوشہرہ
82	محمد اسامہ	محمد یوسف	پشاور
83	محمد نعمان	حافظ خدا بخش	ڈی جی خان
84	محمد ہارون	ایوب خان	صوابی
85	محمد عثمان	محمد یوسف	مانسہرہ
86	محمد معظم	مظفر اقبال	ڈی جی خان
87	راشد منہاس	قدرت اللہ	کرک
88	غفران اللہ	مبارک شاہ	ٹانک
89	سید عبداللہ شاہ	مہرباچہ	بونیر
90	بخت نواب	محمد گل	بونیر
91	عمر ایاز	محمد ایاز	سدھنوتی
92	معاذ بن مصطفیٰ	محمد مصطفیٰ خان	سدھنوتی
93	محمد ولید	سید جمال	کرم
94	اسد وزیر	محمد لقمان	جنوبی وزیرستان
95	محمد عارف	سلیمان	اٹک
96	محسن علی شاہ	عمر صادق	اپردیر
97	سفیان اختر	محمد اختر	شمالی وزیرستان
98	نجم الحق	فضل حق	جہلم

99	اسامہ مرتضیٰ	قمر مرتضیٰ	جھنگ
100	عمر عباسی	محمد ارشاد	ایبٹ آباد
101	احسان اللہ	سید اجان	تیمرگرہ
102	نوید اقبال	نذیر محمد	کرک
103	فرقان احمد	احسان اللہ	ساؤتھ وزیرستان
104	احسان اللہ	کفایت اللہ	مالاکنڈ
105	ارشد جاوید	نوروادخیل	کرک
106	شمیم اللہ	رسول محمد	وزیرستان
107	عبدالصمد	محمد اکبر	سوات
108	عامر سہیل	فرید اللہ	اپردیر
110	شکیل احمد	عبید اللہ	دیربالا
111	محمد سہیل	غلام مصطفیٰ	کوہستان
112	حبیب الرحمٰن	عبدالرؤف	کوہستان
113	محمد نواز	سیہود	کوہستان
114	خلیل اللہ	فقیر اللہ	تورغر
115	محمد حنیف	عمر سید	تورغر
116	عامر رحمان	محمد رحمان	راولپنڈی
117	ثناء اللہ	عبدالباقی	اپردیر
118	احمد اللہ	سعید اللہ	بٹگرام
119	وقاص احمد	بخت سرگند	دیربالا
120	محمد اسرار	کچے	باجوڑ
121	فرید اللہ خان	فیض اللہ خان	اپردیر
122	ولید احمد	نسیم احمد	مردان
123	عبدالحنان	لعل زادہ	سوات
124	عبید اللہ	کلال	بٹگرام
125	محمد احسان	محمد سلطان	استور
126	اویس ملک	مختیر ملک	مردان
127	عبدالقادر خان	نوراب خان	کرم ایجنسی
128	وقاص احمد	عبداللہ	بٹگرام
129	عبداللہ	جمروز	سوات
130	عبدالرب	طارق ندیم	ایبٹ آباد
131	محمد جمیل	بنارس خان	ایبٹ آباد
132	مختیار گل	گل کریم	پشاور
133	ساجد	فضل اکبر	ہنگو
134	محمد عاصم	محمد ہاشم	اٹک
135	عامر نواز	قابل شاہ	اورکزئی ایجنسی
136	مختیار علی	محمد الرحیم	تھرپارکر
137	محمد معوذ	عابد خان	مانسہرہ
138	سیف اللہ خان	شمس الرحمٰن	ہری پور
139	ثناء اللہ شیرازی	لطیف شاہ	بٹگرام
140	محمد ریاض	جان محمد	کوہستان
141	سید عبدالوہاب	عبدالعزیز حسین	جہلم
142	سید محمد ذاکر	سید ذاکر حسین	مردان
143	عبدالرحمٰن	یاسین خان	راولپنڈی
144	محمد عدنان	نصیب شاہ	تورغر
145	ابراہیم	سجاول خان	کوہاٹ
146	عبدالرحمٰن	آمان اللہ	سوات
147	محمد کبیر	میرخادین	وزیرستان
148	حنظلہ ہاشم	سید ہاشم	راولپنڈی
149	عالم ریب	گل نمیر	کوہستان
150	عرفان اللہ	نورحمید	باجوڑ ایجنسی
151	منصور احمد	مشتاق احمد	مظفر گڑھ
152	محمد ارشاد	محمد اقبال	مانسہرہ
153	ارشاد الحق	عبدالکریم	بٹگرام
154	ممتاز عالم	راجا خان	داریل
155	محمد احسن	مظفر خان	کوہاٹ
156	محمد بلال	نصر اللہ	پشاور
157	عبدالکریم	محمد اشرف	مظفر گڑھ
158	انیس الرحمٰن	سیف الرحمٰن	ایبٹ آباد
159	محمد وقار	محمد مشتاق	مانسہرہ
160	وصی الرحمٰن	سعید الرحمٰن	مانسہرہ
161	محمد ناصر	کرم دین	جہلم ویلی
162	حمزہ بلال	محمد ارشاد	ایبٹ آباد
163	خضر	فضل داد	مانسہرہ
164	حنظلة الرحمٰن	اللہ نواز	ٹانک
165	شکیل	عنایت اللہ	لکی مروت
166	انعام اللہ	کریم اللہ	کوہستان
